بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہندوستان
میں
عربوں کی آمد

از

الحاج عثمان بن سعید باعثمان

بی۔ کام (عثمانیہ)

جنرل سکریٹری جمیعۃ الیمنیہ بالہند

قیمت: ۴۵ روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اللہ کا شکر ہے اس نے مجھے توفیق دی کہ میں عربوں کے ہندوستان میں دخول سے متعلق مختصر تاریخ لکھوں۔ جتنے بھی معلومات مجھے کتابوں سے دستیاب ہوئے اور چند معلومات جو بزرگوں سے حاصل ہوئے ان سب کو قلمبند کرنے کی کوشش کیا ہوں۔

جن عربی تواریخ سے مواد فراہم کیا گیا ہے حسب ذیل ہیں۔

(۱) شمس الظہیرۃ (تالیف العلامہ السید الشریف عبدالرحمٰن بن محمد بن حسین المشہور)

(۲) صفحات تاریخ الحضرمی (مولف سعید عوض باوزیر)

اردو کتابیں

(۱) داستان حضرموت (مولف حبیب علی صاحب)

(۲) عربوں کی جہازرانی (سید سلیمان ندوی)

(۳) سوانح افسری (کرنل نواب افسر الملک)

(۴) مختصر تاریخ ہند (مولف مولانا سید ابو ظفر ندوی)

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
دیباچہ	۱	یمنی عرب کی آمد حیدرآباد میں	۳۷
ہندوستان میں عرب تاجرا اور سیاحوں کی آمد	۴	جمعیت نظام محبوب (بارکس) تعلیم تمدن، مختلف کمپنیاں	۴۳
عربوں کی جہازرانی	۸	جمعیت عرب کوتوالی نظم	۶۱
بحرہند میں عربوں کا حملہ	۱۳	جمعیت عرب، جمعیت نظام محبوب	
عرب کی سندھ میں آمد	۱۴	یمنی عرب عالم دین اور سابقہ فوجی عرب عہدے دار	۶۵
یمنی نژاد عرب کا سلسلہ	۱۸		
جنوب مغرب ہندوستان، جاوا سماٹرا۔		یمنی عرب کے نامور شخصیات اور سیاسی شخصیات	۶۷
سادات کا دخول ہندوستان میں	۱۹	یمنی عرب کے نامور جمعدار	۶۹
نایط عرب کا دخول	۲۵	عرب بحیثیت قوم اور رعیت	۷۱
عرب کی آمد گجرات میں	۲۶	عربوں کے اوردے (رجمنٹ)	۷۲
خاندان الکثیری	۲۸	عربوں کا لباس۔ غذا۔ عادات و اطوار، حسب نسب، اعلاجات مہمان نوازی، شجاعت، دینداری، نشانہ بازی	۷۳
خاندان القعیطی	۲۹		
عبداللہ بن علی عولقی جمعدار	۳۴		
عراق مسقط سے عرب کی آمد	۳۶		

آصف جاہ نواب برکت علی خاں بہادر پرنس مکرم جاہ کا خطاب بارکس میں	۸۴	جمعیت نظام محبوب کا قیام	۹۶
روابط جمہوریہ یمن، خلیج سعودیہ عرب کے عام معاشی مسائل، اسلام کی تبلیغ ۔	۸۳	یمنی نسل او قبائل بارکس حیدرآباد اضلاع آندھرا و مہاراشٹرا و کرناٹک ۔	۹۷
جمہوریہ یمن میں پیٹرول	۹۱	جمہوریہ الیمن (شمال جنوب کی مختصر تاریخ جغرافیہ	۱۱۳
شجرہ اعلحضرت نظام	۹۳	نقشہ جات جنوبی یمن کے صوبے	۱۳۸
سالار جنگ اول، دوم، سوم	۹۴	حضرموت کے قبایل و منطقے ۔	۱۴۹
		حضرموت کے بڑے قبائل	۱۵۸

جملہ حقوق محفوظ

ہندوستان میں عربوں کی آمد کی تاریخ کی ترتیب تحریر اشاعت اور طباعت کے جملہ حقوق بحق الحاج عثمان بن سعید باعثمان ساکن بارکس حیدرآباد آندھرا پردیش انڈیا محفوظ ہیں ۔

لہذا کوئی صاحب اس تاریخ کی اشاعت کی کوشش نہ فرمائیں ۔

(۵) آزاد حیدرآباد (مصنف مظفر بیگ صاحب)

(۶) تاریخ مختصر (مصنف فریدالدین صاحب)

(۷) تاریخ النوایط (مولفہ شمس العلماء نواب عزیز جنگ ولا)

(۸) انڈو-عرب - ریلشن انگریزی کتاب (مترجم جناب پروفیسر صلاح الدین)

انڈو عرب ریلشن انگریزی کتاب ہے اصل یہ کتاب انڈو عرب تعلقات کے نام سے ہے جناب مولانا سید سلیمان ندوی نے لکھی ہے۔ مزید معلومات حاصل کرنے میں ان بزرگوں کا بھرپور تعاون رہا

(۱) جناب علی بن عمر بابلیل صاحب (سابقہ چیف عرب گارڈ) بارکس حیدرآباد

(۲) جناب محمد بن علی باکوبن صاحب (سابقہ گزیٹیڈ آفسر) بارکس حیدرآباد

(۳) جناب ناصر بن حسن بن محسن بن علی القعیطی صاحب (قعیطی خاندان سے واقف ہیں) کنگ کوٹھی حیدرآباد

(۴) جناب علی بن ابوبکر بن عبداللہ بن محمد الیافعی (گجرات میں پیدا ہوئے قدیم عربوں کی تاریخ سے واقف ہیں) قاضی پورہ حیدرآباد

(۵) حبیب سالم بن محمد العطاس صاحب (قاضی بارکس، کتابیں فراہم کرنے میں بڑا تعاون رہا) بارکس حیدرآباد

(۶) عربی کتابوں سے اردو ترجمہ کرنے میں جناب حامد بن عبید بن خلیفہ صاحب آفس سکریٹری جمعیۃ الیمنیہ بالھند کا تعاون حاصل رہا۔

(۷) جناب حبیب عثمان بن احمد بن عبدالقادر العیدروس کا تعاون حاصل رہا۔

(۸) جناب حبیب عبدالرحمن بن حسن بن محضار الحامد حامد صاحب کا بھی تعاون حاصل رہا۔

اس تاریخ میں نہ صرف عربوں کی ہندوستان میں آمد کا ذکر کیا گیا ہے۔

بلکہ مختلف عرب قبائل جو یمنی نژاد سے ہیں اور قی الحال بارکس حیدرآباد (اطراف بلدہ) اضلاع آندھرا پردیش، اضلاع مہاراشٹرا۔ اضلاع کرناٹک میں مقیم ہیں ان سب قبائل کے ناموں کا اندراج کی کوشش کی گئی ہے۔ میں نے شخصی طور پر مختلف اضلاع کا دورہ کیا اور عرب یمنی نژاد باشندوں سے ملاقات بھی کی۔ اس مختصر تاریخ کا مقصد عربوں کا ہندوستان میں دخول اور خاص کر یمنی نژاد عرب جو یمن سے آئے انکے اثرات اور روابط دیرینہ کو ظاہر کرنا ہے اللہ سے امید ہیکہ اس تاریخ سے آنے والے مسلمان نسلوں اور خاص کر یمنی نژاد عربوں کو اسکے مطالعہ سے کافی معلومات ہوں گے

تاریخ ....

۳ر شوال المکرم ۱۴۱۲ھ

۱۶ر مارچ ۱۹۹۴ء

روز چہارشنبہ

نیازمند:۔

الحاج عثمان بن سعید باعثمان (بی کام عثمانیہ)

جنرل سکریٹری جمعیۃ الیمنیۃ بالھند

بارکس مکان نمبر 152-10-18 حیدرآباد

آندھرا پردیش، حیدرآباد

نوٹ

اہل علم حضرات سے گذارش ہے کہ اگر اس میں کچھ کمی یا تصیح رہگئی ہے تو مصنف کو مطلع فرمائیں۔ تاکہ دوسرے ایڈیشن میں انشاء اللہ اس کی اصلاح کیجائیگی

ہندوستان میں عرب[۴] تاجر اور سیاحوں کی آمد

عبد الشمس عرب تاجروں کا سرگرہ تھا۔ ۴۵ھ میں سراندیپ (سری لنکا) کے راجہ سے بہت قریب ہوا۔ سری لنکا کے راجہ کو بھی اسلامی معلومات حاصل کرنے کا شوق ہوا۔

الوالحسن پہلا عرب مسلمان تاجر تھا۔ جسکو تبلیغ اسلام کا شوق ہوا اس نے سری لنکا میں ایک مسجد تعمیر کروائی۔ الوالحسن اور طلحہ دونوں کی تبلیغ سے چند لوگ اسلام قبول کئے۔

۲۵۰ھ ابن خردازبہ: ۔خلیفہ معتمد (عباسیہ) کا مشیر تھا۔

ایران میں سرکاری خبررسانی کا نگران کار تھا۔ اس نے ایک کتاب المسالک والممالک لکھی۔ اور عالمی جغرافیہ کی قدیم کتاب مانی جاتی ہے اس کتاب میں اس نے بغداد سے مختلف ممالک کے زمینی فاصلہ اور ہندوستان کے سمندری راستے ظاہر کئے۔

اس کتاب میں ہندوستانی ساحل کے ساتھ ساتھ ہندوستان کے مختلف ذاتوں کے عقائد بھی بیاں کئے گئے ہیں۔

(۱) کاشتریہ (شریف لوگ)

(۲) برہمن (شراب اور نشہ نہ کرنے والے)

(۳) کشتھری (تین کپ شراب پینے والے)

(۴) سدرا (زراعت کرنے والے)

(۵) وشماس (کاریگر)

(۶) چنڈال (مداری اور گانے والے)

(۷) زنب (پیشہ واری موسیقار)

یہ خود ہندوستان نہیں آیا بلکہ تاجروں اور مسافروں جو نامور تھے اُن سے معلومات حاصل کیا۔

سلیمان تاجر اور ابو زید صرافی:۔ سلیمان سراف کا رہنے والا سیاح اور تاجر تھا۔ خلیج عرب سے لیکر چین تک سمندری سفر کیا۔ دوران سفر میں وہ ہندوستانی سواحل سے ہوتا ہوا گذرا۔ ۲۳۷ھ ۸۵۱ء میں اپنا سفرنامہ لکھا۔ اپنے سفرنامہ میں اس نے ساحلی شہروں، حکومتوں اور جزیروں کے متعلق لکھا ہے۔ ایک ہزار نو سو جزیروں کا ذکر کیا۔ ہندوستان اور چین کے تمدنی معلومات کا بھی ذکر کیا۔

۲۶۲ھ ابو زید حسن سرافی نے سلیمان کی کتاب سلسلۃ التواریخ

کا تکمیلا کیا۔ الوزید اکثر ہندوستان کا اور چین کا سفر بغرض تجارت کیا۔ یہ پہلا شخص تھا جس نے بحر قلزم کی شناخت کی۔

۳۰۰ھ بزرگ بن شہریار:۔ اسکے پاس بہت سے سمندری جہاز تھے۔ یہ عراق سے ہندوستان کے ساحل اور چین کے ساحل ہوتا ہوا۔ جاپان کے ساحل تک سفر کیا۔ عجائب الہند اس کی لکھی ہوئی کتاب ہے۔ بزرگ اور اس کے دوستوں نے دوران سفر میں جو کچھ دیکھا اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ بقول اس کے اُس زمانہ میں ہندوستان میں راجاؤں کے پاس ہندوستانی زبانوں میں ترجمہ کئے ہوئے قرآن تھے۔

چین کے دورے پر بزرگ نے فلپائن میں آتش فشاں جزیرہ کا ذکر کیا ہے۔ اس جزیرہ میں اسپینوں سے پہلے مسلمان آکر آباد ہوئے تھے

ابُواسحاق ابراہیم بن محمد فارسی:۔ ہندوستان اور دوسرے مقامات کا سفر کیا۔ ہندوستان میں سندھ تک سفر کیا۔ کتاب الاقلیم اور مسالک والممالک اسی کی لکھی ہوئی ہے۔

مسعودی ۳۰۳ھ:۔ الوالحسن علی جو نا جاتا تھا۔ مسعودی

کے نام سے بڑا مورخ ماہر جغرافیہ اور سیاح تھا۔ اس نے پچیس سال تک سفر کیا۔ شام۔ آرمینیا۔ ایشیاء۔ افریقہ۔ لبے سینیا۔ ہندوستان چین۔ تبت اور سری لنکا (سیلون) کا سفر کیا۔ جب ۳۳۲ھ میں اپنا سفر ختم کر کے مقام کیا۔ ایک کتاب لکھا جس کا نام ہے۔ Murawaj-ul-Zahba مروج الذہب یہ کتاب پیرس (فرانس) میں نو جلدیں شائع ہوئی بقول مسعودی گجرات (ہند) میں چیمور کے علاقہ میں دس ہزار عرب اور عرب نژاد مخلوط نسل آباد تھے۔

ابن حوقل ۹۴۳-۹۷۹ء:۔ بغداد کا تاجر تھا۔ اس نے یورپ آفریقہ۔ ایشیاء۔ اسپین۔ سسلی اور ہندوستان کا سفر کیا۔

شمس الدین محمد بن احمد بشری ۳۷۵ھ:۔ یروشلم کا رہنے والا تھا۔ یہ بھی ہندوستان آیا اس کا سفر سندھ تک رہا۔

۳۴۱ ابو ضلف ممبوعی:۔ پہلا سیاح ہے جو زمین کے راستے سے ہندوستان آیا تھا۔

البیرونی ۴۰۰ھ یہ عربی کتاب الھند کا مصنف تھا۔ اس نے کتاب

قانون مسعودی لکھا ہے۔ کتاب الھند میں جغرافیہ ہندوستان کا ذکر ہے۔ یہ محمود غزنوی کے حملے سے پہلے ہندوستان آیا تھا۔ یہ خوارزم کا رہنے والا تھا۔

ابن بطوطہ ۷۷۹ھ / ۱۳۷۷ء:۔ یہ مراقش کا سیاح تھا۔ یہ محمد بن تغلق کے زمانہ میں ہندوستان آیا۔ اس نے ایک کتاب لکھی جس کا نام ہے عجائب الاصفر۔

ابن ماجد:۔ اس کو سمندر کا شیر کہا جاتا تھا۔ اس کا مکمل نام احمد بن ماجد تھا۔ یہ ہندوستان۔ آفریقہ۔ چین کے بحری راستے سے اچھی طرح واقف تھا۔ پرتگالی سیاح واسکوڈی گاما جب راس امید آفریقہ کا جنوب پہنچا تو آگے نہیں بڑھ سکا۔ ابن ماجد نے اس کو سمندری راستہ دکھایا اور خود ابن ماجد واسکوڈی گاما کے جہاز کا پائلٹ تھا۔ ابن ماجد نے کئی کتابیں لکھی ہیں اور کتابیں پیرس (فرانس) میں موجود ہیں۔ ابن ماجد سے متعلق ایک روایت ہے کہ پرتگالیوں نے اسے نشہ دے کر استعمال کیا۔ دوسری روایت ہے ابن ماجد کو کچھ لالچ بتائی گئی۔

عربوں کی جہازرانی:۔ قدیم تاریخ کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے

کہ عرب سمندروں میں کشتیاں چلانے میں بڑے ماہر تھے۔ یہ کشتیوں پر خلیج فارس سے ہوتے ہوئے۔ ہندوستان کے ساحل گجرات ملبار ساحل سری لنکا (سیلون) چین کے ساحل جاتے جاوا اور سماٹرا بھی جاتے آفریقہ کے جنوب مشرق بھی جاتے یہ عرب تجارت بھی کرتے اور لوگوں کو ایک مقام سے دوسرے مقام بھی لے جاتے جب پرتگالیوں نے سمندر کا سفر شروع کیا تو عربوں کے سمندری سفروں پر غالب آگئے۔

چند سالوں بعد ولندیزی سمندری سفر کرنا شروع گئے پرتگالیوں سے آگے بڑھ گئے اس کے بعد فرانس نے سمندری سفر شروع کیا یہ ولندیزی پر غالب آگئے اسکے بعد انگریزوں نے سمندری سفر شروع کیا یہ قوم سب پر غالب آگئی۔

جنوبی یمن (حضرت موسیٰ) کے عربوں نے بھی کشتیوں پر سمندری سفر کئے وہ ہندوستان کے جنوب مغرب ساحل سری لنکا کے ساحل اور جاوا۔ سماٹرا کے ساحل پر بھی گئے۔ یہ عرب مالدیپ انڈمان بھی جاتے تھے۔ ان کی تجارت تھی۔ اور بعد میں مسافروں کو بھی ایک مقام سے دوسرے مقام لے جاتے۔

قدیم عربی زبان میں سمندری جہاز کو فلک اور سفینہ استعمال کیا گیا ہے چھوٹی کشتی کو قارب کہا جاتا تھا۔ خاندان عباسیہ کے زمانہ میں کشتیوں کے مختلف نام تھے۔ طیار۔ سنبک سنبوق (تفریحی کشتی) معدی جس کی جمع معاوی ہے چھوٹی کشتی کو کہتے تھے۔ جہاز راں کے لیے جو نام استعمال کیے گئے ہیں۔ ملاح۔ سفان اور بحار۔

فارس کے عرب جہاز راں کا لفظ ناخوذۃ مستعمل ہوا۔ اس کی جمع نواخذۃ بنائی گئی۔ یہ لفظ ہندی فارسی کی ترکیب ہے جس کو ہم ناخدا کے لفظ سے جانتے ہیں۔ بحر روم کے عرب نوتی مستعمل ہے لفظ کو عربی میں کر کے نوآت کی صورت میں بولا گیا ہے۔ یہ لفظ رومی راستے سے شام پھر عرب میں آیا۔ اصلی لاطینی لفظ ہے Nautian اور فرنچ Nautique اور انگریزی نیوی جہازوں کے کام میں جو ملازمین لگائے جاتے وہ خلاسی کہلاتے تھے (یہ خلاسی اور عرب جن حبشیوں کو خرید کر رکھتے اور جو اولاد ان سے ہوتی) ملاح کیلئے ایک اور لفظ عربی میں ہے داری ربان کا لفظ جہاز کے کپتان کے لیئے استعمال کیا گیا ہے۔ لفظ دیدبان (فارسی لفظ) جہاز کے ستون پر جو موقف پر بیٹھ کر دوسرے جہازوں۔ طوفان۔ پہاڑ کو دیکھنے والا استعمال کیا گیا ہے

عباسیوں کے زمانے میں جہاز راں اور جہاز کے عملے کی دو قسمیں تھیں معمولی ملاحوں اور خلاسیوں کو اصحاب الارجل (ماتحت) اور بڑے افسروں کو رؤسا۔ بندرگاہ کے لئے عربی میں پرانا لفظ مرفأ استعمال کیا گیا ہے۔ اہل عرب میں اس وقت کشتی بانی اور جہاز رانی تین کاموں کے لیے تھی۔

(۱) کشتیوں سے مچھلی کا شکار کرنا۔

(۲) دریا میں موتیوں اور مونگوں کا نکالنا۔

(۳) سوداگری اور تجارت کے سامان و اسباب ایک ملک سے دوسرے ملک لے جانا۔

عرب ہواؤں کے رُخ سے اچھی طرح واقف تھے۔ اور انہوں نے ان ہواؤں کے مختلف نام بتائے ہیں۔ علم الانواء اور علم مہاب الریاح کی ان میں خاص رواج تھا۔ ان پر کئی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ یمن کے بادشاہوں کے پاس جو حمیر اور سبا سے تعلق رکھتے تھے۔ کشتیاں تھیں یہ خشکی اور تری دونوں پر تجارت کرتے تھے۔

اُبلہ:۔ بصرہ سے اوپر دجلہ کے ساحل پر ہے۔ یہ پہلی ایرانی چھاونی تھی۔ بعد میں عربوں نے ۱۴ھ میں قبضہ کر لیا۔ یہ بندرگاہ جہازوں کی منڈی

تھی۔ یہاں سے ہی جہاز ہندوستان اور چین کے لئے جاتے۔

علاء بن الحضرمی بحرین کے پہلے گورنر تھے۔ انہوں نے سب سے پہلے بحری جنگ ایران سے کی لیکن پہلے شکست ہوئی۔

دریائے نیل:۔ ۱۸ھ یہ زمانہ عمرؓ کا ہے عرب میں قحط آیا دریا نیل سے ۶۹ لمبی نہر نکال کر نیل کو بحر احمر سے ملا دیا گیا۔ یہ کام چھ ماہ میں تکمیل ہوا۔ پہلے ہی سال میں جہاز غلّہ لے کر بحرہ قلزم پہنچا۔ اور غلہ کی سپلائی کیلئے کافی سہولت ہو گی۔

نہر سویز کا تخیل:۔ عمرو بن العاصؓ مصر کے گورنر تھے ان کو خیال آیا کہ بحرہ احمر اور بحرہ روم کو بیچ سے خاک نائے سویز بنایا جائے۔ اس طرح دونوں سمندروں کو ملا دیا جائے۔

اسکندریہ:۔ مصر میں اسکندریہ کی بندرگاہ ہے۔ وہاں سے عرب کے سمندری جہاز قسطنطینیہ اندلس شمالی آفریقہ اور یورپ جاتے تھے۔

عہد عثمانی:۔ عثمان بن عفانؓ کے زمانہ میں جہاز رانی کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ امیر معاویہؓ شام اور مصر کے گورنر تھے۔ علاء بن الحضرمی بحرین کے گورنر تھے۔ رومیوں کے مقابلے میں

بحیرہ روم میں عربوں کے بحری حملے:۔ پچاس بحری حملہ کئے گئے حملوں کا آغاز ۲۸ھ سے ہوا اس سال قبرس (سائپرس) عربوں نے حملہ کیا۔

شاہی بحری فوج کے حضرت امیر معاویہؓ اور مصری بحریات کے عبداللہ بن سعد ابی سراح امیر تھے۔ رفتہ رفتہ عربوں نے بحرہ روم کے اکثر جزیروں پر قبضہ کر لیا۔

بحرہ ہند میں عربوں کا حملہ:۔ علاء ابن حضرمی کے بعد حضرت عمرؓ نے عثمان بن ابی العاص ثقفی کو عمان و بحرین کا گورنر مقرر کیا۔ عثمان نے اپنے طرف سے اپنے بھائی حکم ابن العاص کو بحرین کی نیابت سپرد کی حکم نے ایک بڑا بحری بیڑا بنایا۔ اور ہندوستان کی سمت روانہ ہوا۔ اس وقت بمبئی کا کوئی وجود نہیں تھا۔ تھانہ تھا حکم کے بیڑے نے حملہ کیا۔ دوسرا حملہ بھروچ پر کیا۔ اس کا بھائی مغیرہ بن ابی العاص کو سندھ کی بندرگاہ دیبل (ٹھٹھہ) پر حملہ کیلئے جہاز دے کر بھیجا۔

جہاز سازی:۔ مصر میں جہازوں کا کارخانہ تھا۔ بعد میں سواحل شام میں بھی قائم کیا گیا۔ امیر معاویہؓ نے یہ سب انتظام کیا تھا۔ جنادہ بن ابی امیہ ازدی المتوفی ۸۰ھ امیر معاویہ کے حکم

سے ۵۲ھ میں روڈس فتح کیا۔ اور وہاں پر عربوں کی نوآبادی قائم کی۔
سنہ ۵۴ھ جنادہ نے قسطنطنیہ کے پاس ارواد نام جزیرہ فتح کیا۔
عبدالملک بن مروان نے تونس میں جہاز سازی کا بڑا کارخانہ قائم کیا۔ عکا میں جہاز سازی عبدالملک کے زمانے تک قائم رہی ہشام اس کو بعد میں صور منتقل کیا۔ عہد عباسیہ میں افسر عبدالملک بن شہاب نے گجرات پر بحری حملہ کیا۔ اور ساحلی شہر باربد (بھاڑبھوت) پہنچا۔

عرب کی سندھ میں آمد۔

مسلمانوں میں بیرونی قوموں کا ہندوستان میں دخول سب پہلے مسلمان عرب کا ہوا۔ خلیفہ حضرت عمرؓ کے زمانے میں ایران۔ شام مصر کے بڑے حصے فتح ہو چکے تھے۔ ۱۵ھ ۶۳۶ء میں حکم ثقفی نے عمان بحرین کے گورنر عثمان کے اشارہ سے تھانہ (علاقہ بمبئی) پر حملہ کیا۔ بعد میں بھروچ پر بھی حملہ کیا۔ اس زمانے میں مغیرہ نے دیبل (دیول سندھ کی بندرگاہ) پر حملہ کیا۔ اس زمانے میں حکم ابن جبلہ نے ہندوستانی سرحدات کا معائنہ کیا۔

خلیفہ علیؓ کے زمانہ میں حارث عبدی ہندوستانی سرحدات کا انتظام کیے ۴۴ھ ۶۶۴ء میں امیر معاویہؓ نے مہلب ابن ابی صفرہ

کو ہندوستان کی سرحدات پر حملہ کے لیئے بھیجا۔ خلیفہ ولید بن عبد الملک (بنی امیہ) کے زمانہ میں حجاج بن یوسف عراق کا حاکم تھا۔ اسکے تحت بلوچستان۔ مکران۔ سندھ کے سرحدات خلیفہ کے تحت تھے۔ اس وقت اسلامی حکومت ایشیاء۔ یورپ اور آفریقہ میں پھیلی ہوئی تھی۔ سری لنکا کا راجہ بھی خلیفہ کو ہدیہ دیا کرتا تھا۔ اور خلیفہ سے اچھے تعلق رکھا تھا۔ لنکا میں جو عرب تاجر رہتے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد ان کے عورتوں کو راجہ نے پانی کے جہاز سے حجاج بن یوسف کے واسطہ سے خلیفہ کے پاس روانہ کیا۔ جب یہ عورتوں کا قافلہ پانی کے جہاز سے سندھ کے سمندر سے گذر رہا تھا۔ سندھ کے کچھ لیٹرے دیبل کے پاس ان کو لوٹ لیا۔ حجاج بن یوسف نے راجہ داہر سے احتجاج کیا۔ راجہ نے کہا وہ ان لیٹروں کی تنبی نہیں کر سکتا۔ حجاج نے پہلے عبد اللہ کو بھیجا۔ لیکن وہ مارے گئے۔ پھر بدیل بجلی کو روانہ کیا گیا۔ گھوڑے کی ٹھوکر سے مارے گئے۔ اس کے بعد حجاج بن یوسف نے اپنے داماد محمد بن قاسم جس کی عمر صرف ۱۷ سال تھی۔ سندھ پر حملہ کے لیئے روانہ کیا۔ فوج زمین سے اور سمندر دونوں طرف سے بھیجی گئی۔

محمد بن قاسم ۹۳ھ ۷۱۱ء شیراز کے راستے سے ہوتے ہوئے۔ سندھ کی سرحد پر جا پہنچا۔ محمد بن قاسم نے سندھ میں فتح حاصل کی۔ تین برس کے اندر کشمیر کی سرحد سے لیکر کچھ تک سمندر (بحرہ عرب) کی سرحد۔ مالوہ۔ راجپوتانہ۔ مارواڑ دریا سے راوی کے کنارے تک فتح کرلیا۔ ۹۶ھ ۷۱۴ء میں ولید نے وفات پائی۔ سلیمان خلیفہ ہوا۔ اس خلیفہ کو محمد بن قاسم اور دوسرے عہدار جو سندھ پر تھے پسند نہیں کرتے تھے۔ اس لیئے سلیمان نے محمد بن قاسم اور دوسرے عہدداروں کو عراق بلاکر قید کردیا۔ اور سازش کے جرم میں ان سب کو مار دیا گیا۔

محمد بن قاسم کے بعد جنید حاکم سندھ ہوئے۔ جنید کے بعد تمیم اور حکم بن عوانہ کلبی حاکم سندھ ہوئے۔ حکم کے ساتھ محمد بن قاسم کے فرزند عمر بن محمد بن قاسم سندھ آیا۔ حکم نے سندھ میں ایک شہر محفوظہ کے نام سے بسایا۔ عمر بن محمد بن قاسم نے بھی ایک شہر منصورہ کے نام سے بسایا۔ ۱۳۲ھ ۷۴۹ء میں خاندان عباسیہ عروج میں آیا۔

سندھ پر عربوں کی حکومت کے زوال کے کئی اسباب تھے

(۱) خلیفہ کا کنٹرول ٹھیک نہیں رہا۔

(۲) یمنی اور حجازی باشندوں میں اختلافات پیدا ہوئے۔ اور آپسی جھگڑے بڑھتے گئے۔

(۳) آخری سالوں میں شعیت کا عروج ہونے لگا۔ ۱۰۲۵ء (۴۱۶ھ) میں محمود غزنوی کے حملہ کے بعد عربوں کا سندھ پر اقتدار ختم ہو گیا۔ سندھ کے لوگوں پر عرب کے کافی اثرات رہے محمدؐ بن قاسم نے برہمن وزیروں کو جو راجہ داہر کے زمانہ میں خدمات انجام دے تھے کثیر تعداد میں اُن کو خدمت پر برقرار رکھا۔ عہدہ دار جو راجہ داہر کے زمانے میں تھے۔ اُن کو خدمت پر رکھا۔ اس زمانہ میں عربوں نے ہندی زبان سیکھی اور بہت سے کتابوں۔ ریاضی۔ طب اور فلسفہ کا ترجمہ کیا یہاں تک کہ بہت سے ہندو، طبیب بغداد میں تعین کیے گئے۔

عربوں نے نظام حکومت بڑی ترتیب سے کیا۔ عرب ہندوستانیوں میں بہت مل گئے۔ جب تک عرب کی حکومت سندھ پر رہی عوام بڑی خوشحال اور امن سے زندگی بسر کئے۔ عرب جو اسلام لائے اور حضرت محمدؐ صلّی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفاء راشدین کے زمانہ میں فتوحات کا سلسلہ جاری رہا ہوا۔

محمدؐ بن قاسم کے سندھ پر حملے سے پہلے ہی عرب کے تجارتی

تعلقات سندھ سے تھے۔ ولید بن عبد الملک اور چند زندہ رہتے تو شاید عرب کے فتوحات کا سلسلہ شمال مشرق اور جنوب کی طرف ہوتا۔ محمد بن قاسم نے قدیم نظام مالگزاری قائم رکھا۔ افسروں کو ہدایت دی گئی تھی کہ لوگوں پر ظلم نہ کریں۔ ہندوں کے لیے علیحدہ عدالتیں قائم کی گئی تھیں تاکہ اُن کے شاستروں کے بناء پر عمل کریں کاشت کاروں کو سہولت دی گئی تھی۔ عرب کے سندھ پر حکومت کے بعد بھی سندھ سے عرب کے تجارتی تعلقات جاری رہے۔

یمنی نژاد عرب کا سلسلہ جنوب مغرب ہندوستان اور جاوا سماٹرا

سنہ ۷۱۱ء سے یعنی محمد بن قاسم کے سندھ پر حملے سے پہلے ہی یمنی عرب (خاص کر حضر موت) سے جنوب مغرب ہندوستانی ساحل کیرالہ بغرض تجارت آیا کرتے تھے۔ عرب حضر موت (جو یمن کے جنوب میں واقع ہے) سایہ (کشتی جس پر پردے لگے ہوتے ہیں اور ہوا سے چلتی ہے) میں کیرالہ آیا کرتے تھے۔ کیرالہ میں انہوں نے قیام بھی کیا۔ اور شادیاں بھی کیں۔ اب بھی ان کی نسل کیرالہ میں موجود ہے۔ ان کے نام اکثر عربی ٹائپ میں ہوتے ہیں یعنی محمدؐ۔ ابوبکرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ

وغیرہ یہاں تک کہ یہ نسل کے لوگ شافعی مسلک پر چلتے ہیں۔ بہت سے عرب کیرالہ میں قیام کرتے اور بہت سے وہاں سے جاوا سماٹرا (انڈونیشیا) بہ غرض تجارت سفر کرتے حبیب علوی بن محمد بن سہل الجفری ملبار اور کالی کٹ سنہ ۱۸۳ء میں اپنے ماموں کے پاس آئے جو عرب جاوا۔ سماٹرا گئے انہوں نے وہاں پر شادیاں کیں۔ اور بہت سے وہاں پر مقیم ہو گئے۔ ان مقامات پر اسلام کی تبلیغ کا سہرا انہیں یمنی عرب (خاص کر حضر موت سے) کے سر ہے ان عربوں کی آمد سے پتہ چلتا ہے کہ ہندوستان کا بحری راستہ سب سے پہلے عرب دریافت کر چکے تھے۔

سادات کا دخول ہندوستان و حیدرآباد دکن میں اکثر سادات یمن سے آئے

جناب حبیب صالح بن علوی آصف جاہ ثالث سکندر جاہ بہادر کے زمانہ میں حیدرآباد آئے آصف جاہ ثالث سکندر جاہ بہادر کا عرصہ 1803ء سے 1829ء کا ہے۔ جناب حبیب صالح بن علوی کا تقرر بحیثیت جمعدار ہوا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند حبیب عبداللہ بن صالح جمعدار ہوئے

یہ زمانہ سر سالار جنگ اول کا ہے۔ سر سالار جنگ اول جیب عبد اللہ بن صالح کو بہت پسند کرتے تھے۔ کئی ایک بار سر سالار جنگ اول نے جناب جیب عبد اللہ بن صالح سے مشورہ کیا۔

جناب عبد اللہ بن علی عولقی جمعدار المخاطب مقدم جنگ بھی اسی زمانہ میں موجود تھے۔ عبد اللہ بن علی عولقی جیب عبد اللہ بن صالح کا بہت احترام کرتے تھے۔ جیب بن الشیخ ابوبکر بن سالم المخاطب جیب یار جنگ میر عثمان علی خان آصف جاہ کے باڈی گارڈ رہے اور جمعیت نظام محبوب میں فوج کے کمانڈنگ آفسر رہے۔

ابوبکر بن سالم کے فرزند جیب علی بحیثیت کرنل فوج میں کام انجام دے۔ جیب احمد بن علوی العیدروس حضرموت سے حیدرآباد آئے۔ یہ میر محبوب علی خان آصف جاہ کے زمانے میں آے۔ یہ بہت ہی ولی صفت آدمی تھے۔ انکے چار لڑکے تھے۔

(۱) جیب مصادر بن احمد بن علوی

(۲) جیب علی بن احمد بن علوی

(۳) جیب عبد القادر بن احمد بن علوی

(۴) جیب محمد بن احمد بن علوی

حبیب محضار - حبیب علی - حبیب محمدؐ یہ تینوں بارکس رجمنٹ میں صوبیدار تھے - حبیب عبدالقادر بن احمد علوی بھی صوبیدار میجر تھے - بعد میں بارکس رجمنٹ کے کمانڈنگ آفسر رہے -

میر عثمان علی خان آصف جاہ کے پاس پیشی میں رہے - حبیب احمد بن عبدالقادر العیدروس بریگیڈیر حیدرآباد آرمی میں رہے -

حبیب عثمان بن احمد بن عبدالقادر العیدروس بید الشیخ حیدرآباد کی اور عرصہ تک عدن (جنوبی یمن) میں وزیری آفیسر رہے اور اب وہ حیدرآباد میں مقیم ہیں - السید ابوبکر بن احمد حسین بن عبداللہ بن الشیخ بیدالشیخ تریم (جنوبی یمن) حضرموت سے دولت آباد (ضلع اورنگ آباد مہاراشٹرا) آئے - اور وہاں پر ہی ان کی وفات ۱۵۷۵ء میں ہوئی -

السید احمد بن عبداللہ بن احمد (035 سے 074ھ) ایک بہت بڑے عالم تھے - ہندوستان میں سورت (گجرات) تشریف لائے - جہاں آپ کے ماموں جناب سید جعفر الصادق بن علی بن زین العابدین العیدروس سے ملاقات کی پھر حیدرآباد تشریف لائے - حیدرآباد میں آپ کے بہت سے شاگرد ہوئے -

سید جعفر الصادق بن علی زین العابدین (۹۹۷-1064ء)
انہوں نے اشاعت علم کی اور فارسی کی تعلیم دی۔ موصوف حاکم دکھن ملک عنبر کی حکومت میں رہے وہ دکھن کی حکومت کو پسند کیئے۔ ملک عنبر کے انتقال کے بعد فتح خاں نے آپ کو پسند کیا۔
اپنے چچا محمد بن عبداللہ العیدروس کے انتقال کے بعد سورت واپس گئے۔ آپ دینی علوم۔ عربی حساب فلکیات اور اشعار میں مہارت رکھتے تھے۔

سید جعفر الصادق بن مصطفیٰ بن علی زین لعابدین عبداللہ الشیخ 1084-1142ھ آپ عالم اور قاید رہے۔ حرمین کی زیارت کے بعد سورت (گجرات) تشریف لائے آپ کے ہر مقام پر بہت سے شاگرد ہوئے۔ بہادر شاہ نے بھی آپ کی عزت کی۔ احمد بن الشیخ بن عبداللہ بن الشیخ 949-1024ھ اپنے والد کے پاس احمد آباد (گجرات) آئے۔

السید عبدالقادر بن الشیخ بن الشیخ بن عبداللہ بن شیخ بن عبداللہ العیدروس 978-۱۰۱۵ھ ہندوستان میں ہندوستانی ماں کے بطن سے ولادت پائے۔ جنکو بادشاہ وقت کی بیوی نے گود لیا تھا جن کا انتقال ۱۰۱۵ء میں ہوا موصوف کی والدہ نہایت ذہین اور علم والی تھیں

السید مجاہد عبد الرحمن بن الزاہر بہت ہی بہادر اور جلیل القدر
عالم تھے۔ پیدائش 1832ء اپنے بچپن کے دن ملبار میں تعلیم حاصل
کئے اور کالی کٹ میں بھی رہے 1837ء میں مصر کو گئے۔ 1848ء
میں سیلون (سری لنکا) گئے اس کے بعد مکہ مکرمہ گئے۔ اس کے بعد
ہندوستان آئے۔ سلطان حیدرآباد ناصر الدولہ آصف جاہ
سے ملاقات کی اور فوج میں بحیثیت جمعدار (کرنل) مقرر کئے گئے
بعد میں ملازمت سے سبکدوش ہوکر کلکتہ گئے وہیں مقیم رہے۔ اس
کے بعد اٹلی۔ جرمنی۔ فرانس۔ پھر ہندوستان سے ہوتے ہوئے ملایا
گئے۔

عمر بن محمد بن حسین بن احمد تریم (جنوبی یمن) میں پیدا ہوئے۔
979ھ میں ہندوستانی ساحل پر ۱۰۰۱ھ میں آئے۔ اور پھر
احمد آباد (گجرات) میں قیام کئے۔ اس دور کی حکومت کے ذمہ داران
سے مربوط رہے۔ حکومت کے افراد کے پاس اپنا بلند مقام حاصل
کئے۔ آپ کا انتقال بھی وہیں پر ہوا۔

السید عبد اللہ بن علوی بن حسن بن علی بن احمد بن صالح
1304ھ میں کلکتہ میں آئے تبلیغ فرمائے اور علم کو پھیلائے
رنگون (برما) میں بھی آپ کے بہت شاگرد تھے۔

السید علی بن علوی بن محمدؒ ہندوستان میں ملک عنبر کے مشیر تھے۔ حبیب محمدؒ بن طاہر بن عمر بن ابوبکر بن علوی بن عبداللہ بن علوی 1273ھ میں قیدون (جنوبی یمن) میں پیدا ہوئے۔ یہ بڑے عالم تھے۔ 1305ھ میں حج کئے 1315ھ میں ہندوستان آئے حیدرآباد کے وزیراعلیٰ نے آپ کی عزت کی سادات سے متعلق یہاں پر مختصر بیان کیا گیا ہے۔ ان کی پوری تفصیل عربی میں لکھے ہوئے تین جلد ہیں۔ اس کا نام شمس الظہیرۃ (مولف الشریف عبدالرحمٰن بن محمدؒ بن حسین المشہور) سے معلومات ہوسکتے ہیں۔

عبدالرحمٰن بن علی بن ابوبکر بن عبداللہ جس کا انتقال سورت میں ہوا۔ السید حامد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن السقاف سنہ 1308ھ میں سلطان عوض بن عمر القعیطی کے یہاں رہے آپ بہت جید عالم تھے۔ اپنے قیام حیدرآباد میں آپ لوگوں کے مختلف گروہوں کو وعظ و نصیحت کیا کرتے تھے۔

السید ابوبکر بن حسین بیجاپور والے جن کا انتقال 1074ھ میں بیجاپور میں ہوا۔ ان کے مشایخ سے قاضی عبدالرحمٰن بن احمد شہاب الدین و عبداللہ بن شیخ العیدروس اور ان کے بیٹے

زین العابدین اور دوسرے افراد یمن کو بھی گئے۔ اور ہندوستان کے علاقہ سورت گجرات میں وہاں ملک عنبر سے ملاقات کی پھر محمود بن ابراہیم عادل شاہ سے مربوط ہو گئے۔

نایط عرب کا دخول ہندوستان میں :- نایط عرب قوم ہے اس کی جمع ہے

نوایط ہے اس قوم کا نسب نضر بن کنانہ سے بتایا گیا۔ نوایط عرب کے مشہور اور شریف ترین قبیلہ سے بتایا گیا ہے اہل نوایط عربستان سے ہندوستان کی طرف ہجرت کئے۔

عام روایت یہ ہے کہ نوایط حجاج بن یوسف اور خلیفہ ابو جعفر منصور کے زمانہ میں مدینہ منورہ سے بصرہ ہجرت کے اپنے سردار سید عبدالرحمٰن نایطی کی وفات (۷۵۲ھ) کے بعد بصرے سے ہندوستان کی طرف ہجرت کئے۔ یہ عرب قبیلہ سات یا آٹھ کشتیوں پر بیٹھ کر ہندوستان کے جنوب مغربی ساحل پر اترا۔

اس زمانے میں عراق پر مشہور تاتاری بادشاہ سلطان ابوسعید خدابندہ (۷۱۶ھ - ۷۳۶ھ) کے پھوپھی زاد بھائی شیخ حسن بن حسین بیقا بن ایدکان بن اباقا کی حکومت تھی جن سے ۷۳۶ھ سے ۷۵۸ھ

تک حکومت کی تھی۔ تاتاری شیعہ مذہب اختیار کر چکے تھے۔ بعض شیعہ حکمرانوں نے قبیلہ نوایط پر سختی کی اور ان کی شیعہ مذہب اختیار کرنے کہا گیا۔ یہ قبیلہ مجبور ہو کر ہندوستان کی طرف ہجرت کیا یہ قبیلہ نایت کے مقام سے آیا تھا۔ یہ نایتی کہلانے لگا۔ بعد میں اہل نوایط نے ت کو ط سے بدل کر نایطی لکھنا شروع کیا۔

بعض میں روایت ہے کہ یہ خاندان حجاج بن یوسف کے ظلم سے تنگ آکر بصرہ سے ہندوستان ہجرت کئے۔ یہ خاندان مدراس اور دکن کے حصوں میں پھلا پھولا۔

عرب کی آمد گجرات میں

:- 1025ء سے قبل ہی عرب گجرات میں آباد تھے۔ جوناگڈھ کے نواب پوربندر کے مہاراجہ بھاونگر کے مہاراجہ۔ گونڈل کے مہاراجہ بھگوت سنگھ۔ بھگرا کے مہاراجہ۔ جیت پور کے مہاراجہ اور مختلف رجاوں کے پاس عرب بحیثیت نگران کار محلات۔ خزانہ اور سپاہیوں کی ملازمت اختیار کئے ہوئے تھے۔

ان عرب کی شجاعت۔ کردار اور ایمانداری کو وہاں کے نوابوں اور مہاراجاؤں نے بہت پسند کیا۔ صرف جوناگڈھ میں

اس زمانہ میں تقریباً ایک ہزار عرب کے مکانات تھے کئی عرب خاندان جوناگڈھ اور دوسرے مقامات پر آباد ہوگئے۔ موجودہ دور میں بھی ان مقامات پر یمنی نژاد کے کئی باشندے آباد ہیں۔ جوناگڈھ۔ جام نگر۔ پوربندر۔ بھاونگر۔ راناواو۔ بگسرا بھیانی ادپلٹا۔ دھراجی۔ جیت پور۔ بڑودہ۔ دریا دیوٹی۔ بلاول بندر بھوج۔ جیت بھاڈویلا۔ امریلی۔ گونڈل۔

گجرات میں موجودہ دور میں یمنی نژاد کے یہ قبایل موجود ہیں۔ بازہر۔ الیافعی۔ الکیثری۔ عمودی۔ باوزیر۔ الجلل۔ یاسمیر العیدروس۔ بن حیدرہ۔ جابری۔ قحطان ان کے علاوہ اور دوسرے قبایل بھی ہیں۔ سورت احمد آباد، اور گجرات کے کئی علاقوں میں عرب یمنی نژاد کے لوگ موجود ہیں۔

عربوں کے گجرات میں معاشی مسائل

یہ تمام یمنی نژاد عرب باشندے معاشی مسائل سے دوچار ہوئے۔ ان میں کچھ گنے چنے لوگ تجارت کی طرف مائل ہوئے۔ اکثریت نوابوں اور مہاراجاوں کے پاس ملازم تھے۔ جب ان نوابوں اور مہاراجاؤں کا دور ختم ہوگیا۔

اکثریت طبقہ بے روزگار ہوگیا۔ انکی معاش کم ہونے کی وجہہ سے اپنے بچوں کو زیادہ تعلیم نہ دلاسکے۔ اور محدود معاش کی بناء پر تجارت بھی نہ کر سکے۔ اکثر طبقہ چھوٹے ملازمتوں اور چھوٹے کاروبار میں مشغول رہا۔ ان کی نسل در نسل گجرات میں پیدا ہوئے۔ اس سے اکثریت طبقہ گجراتی لکھنا پڑھنا اچھی طرح سے واقف ہوئے۔

الکثیری خاندان کا دخول ہندوستان میں
غالب بن محسن الکثیری

یمن سے غالب بن محسن الکثیری 1246ھ 1830ء میں حیدرآباد دکن آئے ان کے آنے سے پہلے حیدرآباد میں ان کے اقارب آچکے تھے۔ ناصر الدولہ آصفجاہ کے زمانے حکومت میں ان کو جمعدار مقرر کیا گیا۔ عبداللہ بن علی عولقی کے تعاون سے غالب بن محسن الکثیری ناصر الدولہ آصف جاہ کے وزیر سے ملاقات کی اور تعاون حاصل کیا ان کے آنے سے قبل ہی کافی یافعی عرب قبائل حیدرآباد میں موجود تھے۔

ان سب کی سرپرستی جناب عمر بن عوض بن عبداللہ القعیطی
کرتے تھے۔ غالب بن محسن الکثیری 1272ھ میں حضرموت (یمنی)
واپس چلے گئے ان کی شجاعت۔ کردار۔ اور ایمانداری کو بادشاہ
وقت نے بہت پسند کیا۔

قعیطی خاندان اور ان کے ساتھ یمنی عربوں کی آمد ناگپور، جوناگڈھ میں پھر حیدرآباد، دکن میں آمد خدمات

جناب عمر بن عوض القعیطی جو کہ 1775ء 1189ھ میں شیام
(یمن) میں پیدا ہوئے۔ چودہ سو عرب کے ساتھ 1207ھ 1792ء
بغرض ملازمت مہاراجہ راسا ناگپور (مہاراشٹرا) حضرموت سے آئے
ان کی شجاعت۔ کردار اور ایمانداری مہاراجہ آف ناگپور کو بہت
پسند آئی۔ مہاراجہ نے سب عربوں کو اپنی فوج میں بھرتی کیا۔ اور
ان کا قائد جناب عمر بن عوض القعیطی کو بنایا۔

اس زمانہ میں مہاراجہ کے پاس۔ عرب۔ مرہٹہ اور سکھ
سپاہی تھے۔ کافی عرصہ تک یہ عرب راجہ کا ساتھ دیتے رہے
ان عربوں کو نہ صرف فوج بلکہ محلات۔ خزانوں پر نگران کیلئے

مامور کیا گیا۔ یہ وہ زمانہ ہے جب ہندوستان میں چاروں طرف انگریزوں کا دور دورہ تھا۔ ہر طرف ابتری پھیلی ہوئی تھی۔

ان حالات میں عربوں نے بڑی دلیری سے راجہ کا ساتھ دیا۔ جب راجہ ناگپور نے انگریزوں سے مجبوراً معاہدہ کر لیا۔ تو سب عرب اپنے قاید عمر بن عوض القعیطی کے ساتھ جوناگڈھ کے نواب کے پاس چلے گئے۔ وہاں کے نواب نے سب عربوں کو بہت پسند کیا۔ اور اپنے پاس اچھے مقامات پر مامور کیا۔ یہاں عرب کافی عرصہ تک مقیم رہے۔ بموجب کتاب "صفحات تاریخ الحضرمی" مولف شیخ باوزیر صاحب جو عربی میں لکھی ہوئی ہے۔ 1246ھ 1830ء سے قبل ہی عمر بن عوض القعیطی حیدرآباد آ چکے تھے۔ اور سب یافعی خاندان کی سرپرستی کیا کرتے تھے۔

نواب ناصر الدولہ آصف جاہ کے زمانہ میں وزیر اعظم چندو لال (یہ کشن پرشاد صدر المہام کے قرابت سے ہوتے ہیں) کی کوشش اور سرسالار جنگ اول کی دلچسپی سے کافی عرب جوناگڈھ سے لائے گئے۔ ان سب عربوں کو وہاں سے لانے کے لیئے عمر بن عوض القعیطی نے سرپرستی کی۔ اس زمانہ میں حیدرآباد اور مختلف رجواڑوں میں

عجیب تذبذب کا دور تھا۔ انگریزوں کا ہر طرف دور دورہ تھا۔ کئی مقامات پر حالات بے قابو سے ہوگئے تھے۔ شر انگزیاں اور افرا تفری کا عالم تھا۔

انتظامی حالات اور بے چینیاں دور کرنے کے لیے حکومت کو قابل بہادر اچھے کردار اور ایمانداروں کی ضرورت تھی۔ چندولال نے ناصر الدولہ آصف جاہ سے اجازت حاصل کر کے عربوں کا انتخاب فرمایا۔

عرب اس زمانہ میں بحیثیت سپاہی (فوجی) بھرتی کئے گئے ان کو بحیثیت نگران کار شاہی محلات خزانوں اور اہم مقامات پر مامور کیا گیا۔ عمر بن عوض القعیطی کو ان سب عربوں کا جمعدار مقرر کیا گیا۔

افضل الدولہ آصف جاہ کو عمر بن عوض القعیطی کی شجاعت کردار ایمانداری بہت پسند آئی۔ اس لیئے ان کو جان باز جنگ اور شمشیر الدولہ کا خطاب عطا کیا گیا۔

جناب عمر بن عوض القعیطی فن سپاہ گیری سے اچھی طرح واقف تھے۔ انکے اچھے کارنامہ پر افضل الدولہ آصف جاہ نے سٹے پلی (شکار بیڈی)

گھن پور اور سیون گاؤں جاگیر میں عطا کیے۔ ان کی تنخواہ ماہانہ پانچ ہزار روپے۔ دو ہزار چار سو عرب سپاہی اور ایک ہزار گھوڑے دیئے۔ ریاست حیدرآباد کے شمال مشرق کے سارے علاقہ کی نگرانی اور ذمہ داریاں عمر بن عوض القعیطی کے تحت دیئے گئے۔

عمر بن عوض القعیطی کے بعد ان کے فرزند عوض بن عمر القعیطی جو ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ بعد میں مکلّہ اور حضرموت (جمہوریہ یمن) کے سلطان ہوئے۔ ان کو بھی سلطان نواز جنگ شمشیر الدولہ شمشیر الملک کا خطاب دیا گیا۔ ان کے بھائی صالح بن عمر القعیطی کو برق جنگ، برق الدولہ کا خطاب دیا گیا۔

عمر بن عوض القعیطی کے پانچ فرزند تھے۔

(۱) محمد

(۲) صالح

(۳) عبداللہ

(۴) عوض

(۵) علی

محمدؐ ایک بیوی سے تھے۔ اور صالح ایک بیوی سے تھے۔ عوض، عبداللہ، علی

ایک بیوی سے تھے۔ سلطان عوض بن عمر القعیطی کے بعد ان کے فرزند غالب بن عوض القعیطی سلطان بنے[1] (یہ دوسرے سلطان غالب بھی عوض کے چچا تھے) چوتھے سلطان صالح بن غالب القعیطی سلطان مکلّا ہوئے۔ سلطان صالح بن غالب القعیطی کو آصفجاہ نے نواب سیف نواز جنگ کا خطاب عطا فرمایا۔

(۱) پہلے سلطان عمر بن عوض بن عبد اللہ القعیطی المخاطب جانباز جنگ شمشیر الدولہ 1255ھ 1282ھ (1839ء 1865ء) یہ شیبام حضر موت میں پیدا ہوئے۔ اور 1865ء (1282ھ) میں وفات پائے۔

(۲) سلطان عوض بن عمر القعیطی المخاطب شمشیر نواز جنگ۔ شمشیر الدولہ شمشیر الملک 1282ھ سے 1325ھ (1865ء 1907ء) یہ پہلے سلطان ہیں۔ 1866ء (1286ھ) میں شحر اور مکلّہ کے سلطان بنے۔

(۳) سلطان غالب بن عوض القعیطی جانباز جنگ ان کی موت 1922ء (1341ھ) میں ہوئی۔ ان کا زمانہ 1325ھ سے 1340ھ (1907ء 1921ء)۔

(۴) سلطان عمر بن عوض القعیطی المخاطب شمشیر نواز جنگ وفات 1936ء (1355ھ) ان کا زمانہ 1340ھ سے 1354ھ (1921ء

1935ء)۔

(۵) سلطان صالح بن غالب القعیطی سیف نواز جنگ 1354ھ سے 1375ھ (1935ء 1955ء)۔

(۶) سلطان عوض بن صالح القعیطی 1375ھ سے 1386ھ (1955ء 1966ء)۔

(۷) سلطان غالب بن عوض القعیطی 1386ھ (1966ء) سے سلطان غالب صرف سات ماہ حکومت کیئے اس کے بعد جمہوریہ الیمن (جنوب یمن) بن گیا۔ بموجب کتاب آزاد حیدرآباد مولف مظفر بیگ ہزہائنس سلطان مکلہ و شحر آصف جاہ کی رعیت میں شمار تھے۔

خاندان القعیطی نے نظم جمعیت عروب اور عرب کوتوالی کے استحکام کے لیئے بہت کوشش کیئے۔ اکثر عربوں کی ملازمت کے وقت یہ لوگ تصدیق کیا کرتے تھے۔ سلاطین القعیطی کا ذکر اس لیئے کیا گیا ہے۔ چونکہ ان کے زمانہ میں کافی عرب حیدرآباد آئے اور اچھے درجے پائے۔

عبداللہ بن علی عولقی جمعدار: یہ بھی حضرموت (یمن) سے حیدرآباد، دکن آئے تھے۔

یہ زمانہ ناصر الدولہ آصف جاہ افضل الدولہ اور میر محبوب علیخان کا بچپن کا زمانہ دیکھا۔ ان کی شجاعت۔ کردار، ایمانداری حکومت کے ساتھ دیکھ کر افضل الدولہ آصف جاہ نے ان کو مقدم جنگ کا خطاب عطا فرمایا۔ ان کی بہادری سے خوش ہوکر افضل الدولہ آصف جاہ نے ان کو ناگر کرنول۔ نارائن پیٹ کلواکرتی۔ گرمٹکال اور پدایلی جاگیرات عطاء فرمایا۔ جس وقت میر محبوب علی خان آصف جاہ کا بچپن تھا۔ انکی نگرانی دیکھ بھال عبداللہ بن علی عولقی مقدم جنگ کیا کرتے تھے۔

۔عبداللہ بن علی عولقی فوجی ڈریس کے قائل نہیں تھے۔ وہ عربی لباس لنگی۔ کرتا۔ کوٹ کو ترجیح دیتے تھے۔ عرب کے پاس ہتھیار رکھلی تھی۔ وہ ہمیشہ اپنے ساتھ جنبیہ۔ بچہ۔ تلوار رکھتے تھے۔ شاہی محلات۔ خزانہ دوسرے اہم مقامات پر نوکری کے دوران بندوق ساتھ رکھتے تھے۔

جس طرح عمر بن عوض القعیطی کو ریاست حیدرآباد کے شمال مغربی علاقہ نگرانی کے لیئے دیئے گئے تھے۔ اس طرح عبداللہ بن علی عولقی کو مقدم جنگ کو ریاست حیدرآباد کے جنوبی علاقہ پر

نگرانی اور کنٹرول کرنے کے لیئے مامور کیا گیا تھا ۔ ان کی دیوڑہی میں ہمیشہ چار سو عرب ہتھیار سے لیس تیار رہتے تھے ۔

عبداللہ بن علی عولقی مقدم جنگ کی دیوڑہی قاضی پورہ (حیدرآباد) میں تھی لیکن اب ویران ہوگئی ۔ اور وہاں پر دوسرے مکانات تعمیر کیئے گئے ۔ ایک قبرستان بھی عبداللہ بن علی عولقی کے نام سے موسوم کیا گیا ۔ جہاں ان کی تدفین کی گئی ۔

ان کا انتقال 1284ھ (1867ء) میں ہوا ۔ ان کے بیٹے محسن بن عبداللہ بن علی عولقی جانشین ہوئے ۔ یہ بھی زیادہ دن زندہ نہیں رہے اس طرح ان کا خاندان کا کوئی نشان باقی نہ رہا ۔

ان کے اپنے زمانہ کے بڑے شجاعت کے کارنامے رہے اور یہ آصف جاہی خاندان کے استحکام کے لیئے کیئے گئے تھے ۔

عراق اور مسقط سے عربوں کا ہندوستان میں دخول ۔

بہت سے عرب عراق اور مسقط سے بھی حیدرآباد، دکن آئے دوسرے بہت سے نظم جمعیت عرب اور جمعیت نظام محبوب میں ملازم رہے ۔ سادات بھی عراق سے ہندوستان آئے ۔ اور

کئی اولیاء کرام کا بھی دخول ہندوستان میں عراق سے رہا۔ بصرہ (عراق) سے بھی عرب حیدرآباد دکن آئے۔

جو عرب بغداد سے آئے انہوں نے اپنے نام سے آخر میں بغدادی لکھنا شروع کیا۔ جو بصرہ سے آئے اپنے نام کے بعد بصردائی لکھنا شروع کئے۔ جو عرب سے مسقط سے آئے اپنے نام کے بعد مسقطی لکھنا شروع کئے۔ جو عرب مکہ مکرمہ سے آئے وہ اپنے نام کے بعد مکی لکھنا شروع کئے۔ صومالی باشندے صومالی لکھنا شروع کئے۔

یمنی عرب کی آمد حیدرآباد دکن (نظام اسٹیٹ) میں

عرب کا دخول کا سلسلہ حیدرآباد، دکن میں سکندرجاہ آصف جاہ ثالث کے زمانے سے شروع ہوا۔ حبیب صالح بن علوی بھی سکندرجاہ کے زمانے میں حیدرآباد آئے تھے۔ ان کو بحیثیت جمعدار تعین کیا گیا۔ اوران کے تحت کافی عرب تھے۔ جو مختلف محلات اہم مقامات پر مامور کئے گئے تھے۔

ناصرالدولہ آصف جاہ کے زمانے میں نامور جمعدار عبداللہ بن علی علولقی اور سلطان عمر بن عوض القعیطی موجود تھے۔

ریاست حیدرآباد کی بیرونی اور اندرونی نگرانی یہ ہی دو جمعدار کیا کرتے۔ افضل الدولہ آصف جاہ کے زمانے میں عربوں کا دخول اور زیادہ ہوگیا۔

ونپرتی (یہ تعلقہ ضلع محبوب نگر آندھرا) گدوال (تعلقہ محبوب نگر) آتما کو (تعلقہ محبوب نگر آندھرا) یہ تینوں رجواڑے تھے۔ ان کی اندرونی حکومت تھی۔ اور ان سب راجاؤں کے پاس محلات اہم مقامات خزانوں اور فوج میں عرب مامور تھے عرب کی شجاعت۔ دلیری۔ ایمانداری کو سب راجاؤں نے پسند کیا۔ یہاں تک بعض راجاؤں نے عربوں کو زمینات بطور جاگیر دئے۔ اور عربوں کے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا۔ ان رجواڑں میں عرب مقامی لوگوں سے ہل مل گئے تھے۔ ان سب عربوں نے اپنا بہت ہی اچھا مقام اور ریکارڈ پیدا کیا۔

1875 سر سالار جنگ اول کی کوشش پر تقریباً چار سو عرب ونپرتی (تعلقہ ضلع محبوب نگر آندھرا) کی رانی کے پاس سے میرم منکال جو حیدرآباد کے جنوب میں تقریباً ۱۹ کلومیٹر پر ہے منتقل ہوئے۔

چار سو عرب اور چار سو روہیلے کمپنی ونپرتی سے میسرم منکال منتقل ہوئے۔ ان سب کی ایک رجمنٹ اعلیٰ حضرت میر محبوب علی خان آصف جاہ کے نام سے موسوم کی گئی۔ چونکہ میسرم منکال سے لنگ کوٹھی (جو عابڈس سے قریب ہے) حیدرآباد کا دور فاصلہ تھا۔ اس لیے یہ رجمنٹ ۱885ء میں چندرائن گٹہ کے جنوب مشرق ۲ یا ۳ فرلانگ کے فاصلہ پر میدانی علاقہ میں منتقل کی گئی۔

رجمنٹ کے عہدہ داروں اور سپاہیوں کو زمین مفت دی گئی۔ اور یہ لوگ اپنے ذاتی مکانات کی تعمیر کرلیئے۔ پھر بعد میں ان مکانات کا رجسٹری ہر ایک نام پر کروادی گئی۔ مٹی کی دیواروں اور دیسی کیلو سے بڑے نظام کے ساتھ ان مکانات کی تعمیر کرلی گئی۔ عہدہ داروں کے مکانات علیحدہ بن گئے۔ اور سپاہیوں کے مکانات علیحدہ بن گئے۔

۱885ء میں دو فوجی بیارکس ایک آفس ایک اسٹور روم دواخانہ، کواٹر گارڈ اور فوجی سامان کے لیئے علیحدہ کمرے، ہتھیار بارود کے لیئے علیحدہ کمرے پختہ سرکاری جانب سے تعمیر کئے گئے۔ 1885ء میں ہی یہ رجمنٹ باقاعدہ بنائی گئی۔

پہلے سالار جنگ اول نے آصف جاہ کو تجویز پیش کی کہ ایک

ہزار عرب پلٹن بنائی جائے۔ آصف جاہ نے قبول فرمایا۔ عوض بن سعید ابی الیل اس زمانہ میں افریکن کیولری گارڈ میں لفٹنٹ تھے یہ جمعیت ان کے حوالے کی گئی۔ اور میسرم میں ان کی رجمنٹ کا ہیڈ کوارٹر بنایا گیا۔

بموجب سوانح افسری جلد اول سالار جنگ ثانی کی تجویز یہ جمعیت افسر جنگ کے تفویض کی گئی۔ گولکنڈہ برگیڈ کے توڑ کے بعد جب فوجی اصلاح اور فورس کی ترقی خاص درجہ پہ پہنچی تو جمعیت میسرم کو باقاعدہ بنانے کا کام کیا گیا۔ یہ جمعیت عوض بن سعید ابی الیل جانثار یار جنگ کے حوالے کی گئی۔

1302ھ میں اِس رجمنٹ کو باقاعدہ بنایا گیا۔ فوجی اصطلاح میں اس مقام کا نام میسرم لائن رکھا گیا۔ جو بعد میں جمعیت نظام محبوب کے نام سے موسوم ہوئی۔ جو فوجی بیارکس بنائے گئے تھے ان کی عام بولی بارکس ہو گی۔ اور یہی سلسلہ نام کا ابھی تک برقرار ہے۔ بارکس منتقل ہونے کے بعد سپاہیوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا۔ اور رجمنٹ میں سپاہیوں کی تعداد بارہ سو نفوس پر پر ہو گی۔ اس میں 95٪ یمنی نژاد کے عرب تھے۔

اس رجمنٹ کے کمانڈنگ آفسر عوض بن سعید ابی الیل مرحوم تھے اور سکنڈ کمانڈنگ آفسر عبداللہ بن علی ابی الیل مرحوم تھے۔ نارائن ریڈی اجیٹن تھے۔ یہ ونپرتی کی رانی سے قرابت رکھتے تھے۔ سعید بن عوض ابی الیل لفٹنٹ تھے۔ عبود بن عمر بلبیل صوبیدار میجر تھے۔

جناب میر محبوب علی خان آصف جاہ عوض بن ابی الیل کی بہادری ایمانداری۔ شجاعت سے متاثر ہو کر جانثار جنگ کا خطاب عطا فرمایا۔ ان کا بہت ہی بڑا رتبہ تھا۔ ایسا خطاب آصف جاہی خاندان سے کسی کو نہیں دیا گیا۔ بارکس کے سب سپاہی شاہی محلات، خزانوں اور اہم عمارتوں پر نگرانی کے لیے مامور کیے گئے تھے۔

بارکس میں سپاہیوں کو یونیفارم ڈریس مفت سپلائی کیے جاتے تھے۔ ڈریس کے دھلوائی کے لیے دھوبی مقرر تھے۔ سپاہیوں کی درجہ بندی تھی۔ سپاہیوں میں لانس نایک۔ نایک اور دوسرے درجہ میں حولدار۔ جمعدار۔ صوبیدار صوبیدار میجر تھے۔ ترقیاں سب کو ان کے کارنامے اور صلاحیت اور سینیارٹی کی بنا پر دی جاتی تھی۔

بڑے عہدہ پر تقرر آرمی ہیڈکوارٹرس سے ہوتا تھا۔ جمعیت نظام محبوب کے کمانڈنگ آفسر کا تقرر اعلحضرت کی منظوری سے ہوتے تھے۔ کمانڈنگ آفسر کے تحت سکنڈ کمانڈنگ آفسر، اجیٹن اور کمپنی کمانڈر ہوا کرتے تھے۔ حوالدار اور پے ناک سپاہیوں کی تنخواہ اور راشن دیا کرتے تھے۔

راشن میں چاول۔ گیہوں۔ دال۔ گھی۔ لکڑیاں۔ آلو وغیرہ سپلائی کئے جاتے تھے۔ یہ سپلائی ہر ایک ماہ میں دی جاتی تھی دوران ملازمت کسی سپاہی کا انتقال ہوجاتا تو اس کے لڑکے کو رجمنٹ میں ملازم رکھا جاتا تھا۔ لڑکوں کو سپاہیوں میں بھرتی کرنے کے لیئے عمر کم ہوتی ان کو لائین باؤنز میں رکھ لیا جاتا تھا۔ ان بچوں کو تعلیم دی جاتی تھی۔ آئیندہ چل کر یہ اچھے سپاہی ثابت ہوتے تھے۔

جمعیت نظام محبوب رجمنٹ نے سپاہی گیری اور فوجی تعلیم میں اعلیٰ درجہ کے نفوس پیدا کئے۔ یہاں ہی کے ٹرینڈ اسٹاف نے آرمی ٹریننگ سنٹر میں استاد کی حیثیت سے کام انجام دیئے۔ فٹ بال ٹیم بیسرم بارکس بہت مشہور تھی۔ اس ٹیم نے کئی مقابلے باہر والوں سے جیتے موجودہ فٹ بال گراونڈ جو پہلے حمایت صاحی گراونڈ

کے نام سے موسوم تھا۔ سیکل پولو کے چار مشہور کھلاڑی بارکس میں ہی تھے۔ رجمنٹ کے سپاہی اسپورٹ۔ رسہ کشی۔ ہائی جمپ نشانہ بازی۔ کشتی رانی اور فن سپاگیری میں باہر سے مقابلہ کرتے اور کئی انعام حاصل کرتے موجودہ بارکس کی آبادی تقریباً اسّی ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔ موجودہ دور میں مٹی کی عمارتیں دیسی کیلو ختم کئے جا رہے ہیں۔ ان کی جگہ پختہ مکانات آر۔سی۔سی اور انگریزی کیلو کے مکان تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ جو فوجی بیارکس آفس کواٹرگارڈ، دواخانہ اور دوسری عمارتیں اب سنٹرل ریزرو پولیس فورس کے تحت آچکے ہیں۔

جمعیت نظام محبوب کا یونیفارم: اس رجمنٹ کو ڈریس کے علاوہ فل ڈریس سپلائی کیا گیا تھا۔ یہ اودھو رنگ کا ڈریس بہت ہی خوبصورت ہوا کرتا تھا۔ سر پر رومی ٹوپی جس پر جمعیت نظام محبوب کا مالوگرام لگا ہوا ہوتا تھا۔

دیگر فوج میں یہہ رجمنٹ آسانی سے معلوم کی جاتی تھی۔ اس کے بٹن جو پیتل کے ہوتے سامنے اور شولڈر پر بھلے

معلومات ہوتے تھے۔ یہ ڈریس عموماً اعلیٰ حضرت کی سالگرہ پر پہنا جاتا تھا۔ اور اس رجمنٹ کی دعا یہ ترانہ جو بیاگ پائپ پر ترنم کے ساتھ بجایا جاتا تھا۔ انتہائی خوبصورت انداز ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ اعلیٰ حضرت میر عثمان علی خان آصف جاہ کی وصیت کے مطابق بارکس ہی کی رجمنٹ عربوں نے ہی ان کی تدفین کا انتظام کیا۔

تعلیم بارکس میں:۔ بارکس میں فوجی چھاونی کے دور میں دو مدارس تحتانیہ ایک لڑکوں کے لیئے دوسرا لڑکیوں کے لیئے تھے۔ جس میں چہارم تک تعلیم دی جاتی تھی۔ تعلیم مفت دی جاتی تھی۔ مدرسین رجمنٹ کے ملازمین ہی ہوتے تھے۔ چہارم کا بورڈ امتحان ہوتا تھا۔ یہ اسکول محکمہ تعلیمات سے مسلمہ تھے۔

چہارم کی کلاس پاس کرنے کے بعد آگے تعلیم کے لیئے شہر دوسرے اسکولوں میں داخلہ لینا پڑتا تھا۔ بارکس میں بچے زیادہ تعلیم حاصل نہ کر سکے ان میں تین وجوہات ہو سکتے تھے۔

(۱) اس دور میں تعلیم عام نہیں تھی۔

(۲) چہارم پاس کرنے کے بعد شہر کے دوسرے اسکولوں میں داخلہ لینا پڑتا تھا۔ یہ اسکول بارکس کے فاصلہ پر تھے۔ جانے آنے کا مسئلہ روز بچوں پر نگرانی مسئلہ اور روز جانے آنے کے اخراجات کا بوجھ تعلیم اخراجات کا بوجھ۔

(۳) جو لڑکے جوانی پر آجاتے ان کو آسانی سے جمعیت نظام محبوب میں سپاہی کا کام مل جاتا تھا۔ لیکن اب یہ باتیں نہ رہیں والدین کو بھی بچوں کی تعلیم دلانے کی رغبت ہو گئی ہے۔ بچے بھی تعلیم کی طرف بہت رجوع ہو رہے ہیں۔ اب بارکس میں سرکاری اردو مدارس میں طلبات کو فوقانیہ میٹرک تک تعلیم دی جاتی ہے۔ بدقسمتی سے سرکاری مدارس میں مدرسین کی کمی ہے۔ خاص کر ریاضی۔ سائنس۔ انگریزی اور تلگو کے لیے حکومت اس بارے میں توجہ دیتی ہے۔ لیکن کم عوامی نقطہ نظر سے عوامی جستجو کا محسوس ہونا۔ ایک جنر ہو سکتا ہے۔

اعلیٰ حضرات میر عثمان علی خان آصف جاہ کے زمانے میں تعلیمات کے بڑے اسکالرس یہ محسوس کئے تھے۔ تعلیم مادری زبان میں میٹرک تک دی جائے۔ تاکہ بچوں کو سمجھنے

میں آسانی ہو۔ دورہ حاضر میں یہ احساس کم ہو گیا۔

اب والدین اپنے بچوں کو تعلیم کی طرف توجہ دے رہے ہیں۔ الحمد اللہ اس وقت کافی بچے میٹرک انٹرمیڈیٹ اور گریجویشن کر چکے ہیں۔ بعض فنی تعلیم بھی حاصل کئے ہیں۔

بارکس کے قریب و جوار میں دینی مدارس بھی کام کر رہے ہیں۔ مثلاً جامعہ الحسنات۔ جامعہ دارالہدیٰ۔ مدرسہ سبیل السلام مدرسہ الہیہ جمعیت الشافعیہ۔ اسکول شباب کیٹی۔ الفاروق ٹیکنیکل انسٹیٹوٹ جمعیۃ الیمنیہ بالھند میں عربی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

مجموعی اعتبار سے بہ نسبت ماضی حال میں کافی تبدیلیاں تعلیم کی طرف ہو گئی ہیں تعلیم کے ساتھ بھی فنی تعلیم کی طرف تھوڑی توجہ باقی ہے

دوسرے مدارس :۔ سات مدارس انگلش میڈیم کے چل رہے ہیں۔ محکمہ تعلیمات سے مسلمہ ہیں۔ ان میں چند مدارسوں میں میٹرک تک تعلیم دی جاتی ہے۔ اور ان مدارس سے بچوں کی تعلیم میں اچھا اسٹانڈرڈ رہا ہے

عربی تعلیم :- اکثریت قرآن پڑھنا جانتے ہیں اور عام عربی سمجھ لیتے ہیں۔ اردو پڑھنا لکھنا جانتے ہیں کاش کے عربی بات چیت کا ماحول زیادہ ہوتا تو شاید یہ لوگ کبھی پیچھے نہ رہتے۔ یہی حال دوسرے یمنی نژاد باشندے جو سابقہ حیدرآباد نظام اسٹیٹ میں مقیم رہے رہا۔

معاشی مسائل :- بارکس ایک فوجی چھاونی تھی جب تک نظام اسٹیٹ باقی رہا۔ یہاں کے باشندوں کے لئے کوہی معاشی مسائل نہیں تھے۔

حیدرآباد میں پولیس ایکشن سپٹمبر 1948ء کے بعد حیدرآباد آرمی ختم کردی گئی۔ پھر بھی میر عثمان علی خاں آصف جاہ نے اس میسرم لائین یا بارکس رجمنٹ کو صرفخاص (خانگی) میں ختم کرلیا۔ صرفخاص میں تنخواہ بہت ہی کم تھی معاشی مسائل پیدا ہونے لگے۔

میر عثمان علی خان آصف جاہ نے عرب کی شجاعت۔ کردار۔ ایمانداری کا خیال کرتے ہوئے۔ بہت سے نوجوان کو خانہ زادی میں لے لیا۔ اس طرح نظام نے معاشی۔ تعلیمی طبی۔ شادی بیاہ رہائش کی سہولت سے سرفراز فرمایا۔

جس سے کچھ طبقے کے نفوس کو سکون ملا۔ موجودہ آبادی
کا خیال کرتے ہوئے۔ سوائے چند نفوس کے اور بہت سے معاشی
مسائل سے دوچار ہیں۔ سرکاری ملازمت ملتی ہی نہیں۔ کاروبار
کے لیے سرمایہ کی کمی ہے۔ اور ساتھ ہی تجارت کا تجربہ
کم ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس بستی ان حالات میں بھی لوگ امن
سے رہتے ہیں۔ چند لوگ یمن، سعودی عربیہ، خلیج کی طرف
طلب معاش کے لیے سفر کیے اس سے بھی کچھ نفوس کے
مسائل حل ہوئے۔

صحت اور صفائی

بلدیہ سے صفائی کا انتظام ہے۔
لیکن جیسا ہونا چاہیے نہیں ہے یہی
مسئلہ اطراف بلدہ کے دوسرے مقامات پر بھی ہے۔

بارکس اونچے مقام پر ہے گھر کھلے اور صاف ہیں مکانات میں
جام اور انجیر کے درخت ہیں۔ ہوا صاف ہے چونکہ بارکس میں کوئی
فیکٹری وغیرہ نہیں ہے۔ سرکاری دواخانہ ایلوپیتھی اور ایک سرکاری
یونانی دواخانہ ہے۔ ان دواخانوں میں جیسا انتظام ہونا چاہیے نہیں
ہے۔ خانگی ڈاکٹرس اور لیڈی ڈاکٹرس ہیں لیکن اکثر ایم، بی، ایس

ہی ہیں کوئی اسپشلیٹ نہیں ہے۔ رات میں دونوں سرکاری دواخانہ بند رہتے ہیں۔ اور جو ڈاکٹر شہر سے آتے ہیں۔ وہ شام میں واپس چلے جاتے ہیں۔ اچانک کوئی حادثہ ہو جائے یا لیڈیز کے لیئے ضرورت ہو تو دور فاصلہ پر شہر کے دواخانہ کو لے جانا پڑتا۔ اور یہ شہر کا فاصلہ مختلف خانگی دواخانہ کا ۷ یا ۸ کیلو میٹر دور پڑتا ہے۔ اس کے اخراجات کا بوجھ بھی پڑتا۔ اور پریشانی بھی ہوتی ہے۔ بلدیہ کے جانب سے دودھ گھر کھولا گیا ہے۔ جہاں بچوں کو پولیو وغیرہ کے ٹھیکہ دے جاتے ہیں۔ صحت اور صفائی کے اعتبار سے اور توجہہ درکار ہے۔

تہذیب اور تمدّن:-

بارکس میں عربی تہذیب موجود ہے خواتین سختی سے پردے کی پابند ہیں۔ لوگوں کا رہن سہن عربی طریقہ پر ہے۔ بارکس میں عام طور پر مردوں کا لباس لنگی اور کرتہ ہے۔ لڑکیوں کی اعلیٰ تعلیم نہ ہونے کی وجوہات یہ ہیں

(۱) بارکس میں کوئی کالج نہیں ہے۔

(۲) شہر اور دور کے مقامات کو بھیجنے کے لیئے خاص کر لڑکیوں کو ان کی نگرانی اور اخراجات کا بوجھ ہے۔ پھر بھی لڑکیاں میٹرک تک اچھے درجہ

سے کامیابی حاصل کی ہیں ۔ ۹۹ فیصد لڑکیاں قرآن اور دینی علوم سے واقفیت رکھتی ہیں ۔ گھروں میں کھانے پینے کا ماحول بھی عربی طریقہ پر ہے ۔ ہر ایک اپنے عربی خاندان اور آباد و اجداد کی عربی تاریخ سے واقف ہے ۔

عربی سادگی موجود ہے ۔ سب آپس میں بھائیوں کی طرح ملتے ہیں ۔ بزرگوں کا ادب برقرار ہے ۔ بڑے درجے اور چھوٹے درجے کا سوال نہیں کئی ایک مقامات پر مل جل کر کھایا کرتے ہیں ۔ مہمان نوازی عرب کی برقرار ہے ۔ کوئی اجنبی ملنے آے تو اپنے ساتھ لے کر کھایا کرتے ہیں ۔

پبلک لائبریری :- بلدیہ حیدرآباد کی جانب سے ایک لائبریری قائم کی گئی ہے ۔ یہاں پر روزآنہ اردو اور انگریزی اخبارات آتے ہیں جس سے عوام کو سہولت ہو گئی ہے ہر روز کے حالات سے واقفیت حاصل کرتے ہیں ۔ یہہ لائبریری اخبارات کے حد تک ہے ۔ اس کا وقت بھی مختصر ہے ۔ عوام کی جانب سے اگر کوئی عوامی لائبریری قائم ہو تو اس میں دینی کتابیں اور معلوماتی کتابیں رکھی جاتی تو عوام الناس کو اور زیادہ

فائدہ ہوسکتا ہے۔

سماجی بہتری اسکے لیے غیر سیاسی کمیٹاں تشکیل دی گئی ہیں جو حسب ذیل ہے۔

(۱) سبیل الخیر
(۲) مساجد کمیٹی
(۳) عرب ایجوکیشنل بورڈ
(۴) خیر سپلائینگ کمیٹی
(۵) جمعیۃ الیمنیہ بالھند
(۶) جمعیۃ الخیریہ
(۷) فٹبال السوسی ایشن
(۸) یوتھ اسوسی ایشن (۹) شباب کمیٹی

(۱) **سبیل الخیر**:-

بارکس کے عوام کی جانب تقریباً ۴۲ سال قبل یہ ادارہ قائم کیا گیا۔ ہر گھر سے سالانہ کچھ چندہ لیا جاتا ہے۔ اور غریب لوگوں کے اموات کی تجہیز و تکفین اس ادارہ کی جانب سے کی جاتی ہے۔ اس کی بھی ایک باڈی بنادی گئی ہے۔ ہر تین سال میں انتخابات کرواکر صدر معتمد

خازن منتخب کیا جاتا ہے۔ اسی ادارہ کے تحت مدرسہ حفاظ اور عصری تعلیم کے لیئے مدرسہ خیر العلوم قائم کیا گیا ہے۔

مدرسہ حفاظ سے کافی تعداد میں بچے حفظ تکمیل کئے ہیں

(۲) **مساجد کمیٹی** :- بارکس کی مساجد کے لیئے کمیٹی موجود ہے جو مساجد کی نگرانی کرتی ہے۔ اس کمیٹی میں صدر، معتمد، خازن ہوتے ہیں۔

(۳) **عرب ایجوکیشنل بورڈ** :- یہ بورڈ عوام منتخب کرتی ہے۔ اس میں بھی صدر، معتمد، اور خازن ہوتے ہیں۔ یہ بورڈ سبیل الخیر کے تعاون سے قائم کیا گیا ہے۔ اس بورڈ کے تحت ایک اسکول خیر العلوم کے نام سے چل رہا ہے، جہاں لڑکے اور لڑکیوں کو عصری تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ مدرسہ محکمہ تعلیمات سے مسلمہ ہے۔

(۴) **خیر سپلائنگ کمیٹی** :- یہ کمیٹی عوام کو شادی بیاہ اور دوسرے تقاریب میں برتن پکوان کے لیئے اور دوسرے چیزیں خیمے، دیگچیاں اور فرشی وغیرہ۔ سپلائی کرتے ہیں۔ جسکا کرایہ عموماً دوسرے سپلائینگ کمپنیوں

سے بہت کم ہوتا ہے جس کی وجہ عوام پر بہت کم بوجھ پڑتا ہے

(۵) **جمعیۃ الحضرمیہ بالھند** :- اس ادارہ کی ابتداء 1967ء میں بارکس حیدرآباد میں عمل میں لائی گئی ۔ اس کا نام جمعیۃ الحضرمیہ بالھند رکھا گیا۔ ابتداء بچوں کو عربی تعلیم دی جاتی تھی ۔ یہ ادارہ گورنمنٹ حیدرآباد اندھرا پردیش میں 1981ء میں جمعیۃ الیمنیہ بالھند کے نام سے رجسٹر کروایا گیا ۔ ابتداء میں حسب ذیل نفوس موجود تھے ۔

(۱) جناب محمد بن صلاح القعیطی صاحب

(۲) جناب علی بن عمر بابلیل صاحب

(۳) جناب جعفر بن احمد کثیری صاحب

(۴) جناب طیب بن عبد اللہ باجابر صاحب

(۵) جناب شیخ صالح باوزیر صاحب (جو عدن میں تھے)

(۶) جناب سعید بن عامر الجعیدی صاحب (جو مکلہ میں تھے)

(۷) جناب سعید جابری صاحب

(۸) جناب ابوبکر بن علی بانقداد صاحب مرحوم

(۹) جناب سعید بن عبد اللہ باحمید الیھج مرحوم

(۱۰) جناب محمد بن محسن بن شجبل صاحب مرحوم

(۱۱) جناب علی بن سعید العامری صاحب مرحوم

(۱۲) جناب احمد بن سعید باسلیمان صاحب مرحوم

(۱۳) جناب حبیب سالم بن محمدؐ العطاس

(۱۴) جناب محمد بن سلطان بن محفوظ مرحوم

(۱۵) جناب صالح بن سعدی صاحب

(۱۶) جناب احمد بن علی جابر صاحب مرحوم

(۱۷) جناب مبارک بن عبداللہ عثمان صاحب

(۱۸) جناب سالم بن محمد بن حمید صاحب مرحوم

اس ادارہ کی ایک مستقل باڈی بنادی گئی ہے۔ صدر، نائب صدر، معتمد، خازن، مجلس شوریٰ بھی بنادی گئی ہے۔ باڈی کا انتخاب ہر تین سال میں کیا جاتا ہے۔ ایک عربی مدرسہ اس جمعیت کے تحت قائم کیا گیا ہے۔ عربی مدرس کو تنخواہ دی جاتی۔ باقی صدر، نائب صدر، معتمد، خازن بغیر کسی معاوضہ کے کام کرتے ہیں۔

۱۹۸۱ء میں جنرل باڈی میں فیصلہ کیا گیا۔ ہر یمنی نژاد کے لوگوں کو ان کی طلب پر یمنی تعریف کی سرٹفکیٹ دی جائے۔

اس تجویز کو یمنی سفارت خانہ نیو دہلی نے قبول کر لیا

اجرا کرنا شروع کیے گئے۔ یمنی نژاد سرٹفکیٹ کے لیئے کچھ فیس مقرر کی گئی تاکہ آفس کے اخراجات پورے ہو سکیں۔ یعنی آفس کا کرایہ عربی پڑھانے والے استاد کی تنخواہ۔ آفس سکریٹری کی تنخواہ اور آفس بوائے کی تنخواہ اور اسٹیشنری وغیرہ کے اخراجات کے لیئے یمنی نژاد کی تصدیق کے لیئے ذو ارکان جمعیۃ الیمنیہ بالھند سے مقرر کیے گئے۔ جناب علی بن عمر بابلیل کا محقق تعریف مقرر کیے گئے۔

(۲) جناب مبارک بن عبداللہ عثمان تصدیق کے لیئے۔ چند دن مرحوم سعید بن عبداللہ باحمید نے بھی یمنی نژاد باشندوں کی تصدیق کی جناب جعفر بن احمد کنیزی بھی تصدیق کیا کرتے تھے۔ جمعیۃ الیمنیہ بالھند سے دو سرٹفکیٹ ایک عربی اور دوسری انگلش اجراء کیئے جانے لگے یمنی نژاد تعریف کی سرٹفکیٹ سے یمنی باشندوں کو سفارت خانہ یمنی سے ویزے حاصل کرنے اور سفر کرنے کے لیئے سہولت ہونے لگی جو اصحاب یمنی شہادت جمعیۃ الیمنۃ بالھند سے لے کر یمن گئے۔ وہاں جانے کے بعد اس شہادت کی بنائیوں کو وہاں یمنی پاسپورٹ حاصل کرنے کی سہولت ہوئی۔

1981ءمیں یہ ادارہ جمعیۃ الیمنیۃ بالھند گورنمنٹ میں رجسٹر کرانے کے بعد حسب ذیل باڈی کام کرتی رہی۔

(۱) جناب محمد بن صلاح القعیطی صاحب صدر

(۲) جناب جعفر بن احمد الکثیری نائب صدر

(۳) جناب سعید بن عبداللہ باحمید نائب صدر (مرحوم)

(۴) جناب احمد بن عبداللہ العمودی صاحب مرحوم معتمد

(۵) جناب شیخ عبدالرحیم بن سعید باوزیر صاحب نائب معتمد

(۶) جناب حبیب سالم بن محمد العطاس خازن

موجودہ باڈی ان نفوس پر مشتمل ہے :-

(۱) جناب محمد بن صلاح القعیطی صاحب صدر

(۲) جناب جعفر بن احمد الکثیری صاحب نائب صدر

(۳) جناب عثمان بن سعید باعثمان معتمد

(۴) جناب حامد بن خلیفہ خازن

(۵) جناب علی بن عمر بابلیل صاحب (محقق تعریف)

(۶) جناب مبارک بن عبداللہ عثمان (برائے تصدیق)

ممبر عاملہ حسب ذیل ہیں :-

(۱) جناب سعید بن عمر باعوم صاحب
(۲) جناب شریف غالب بن یمانی صاحب
(۳) جناب طیب بن عبداللہ باجابر صاحب
(۴) جناب عاصم بن سعید باسلامہ صاحب
(۵) جناب عامر بن محسن بن زیاد صاحب
(۶) جناب عبداللہ بن عمر شیبی صاحب
(۷) جناب خالد بن عبدالرحیم باوزیر صاحب

یمنی گورنمنٹ نے بھی بذریعہ یمنی سفارت خانہ دلی سے تھوڑا اساتعاون کیا تھا۔ آفس اسٹیشنری کے لیئے۔ اس ادارہ کا استحکام زیادہ تر حضر ہائنس طلال بن عبدالعزیز السعودیہ کے سر ہے۔ یہ بارکس کو اکتوبر کے آخری ہفتہ ۱۹۸۱ء تشریف لائے۔ اور دلچسپی سے یمنی نتراد باشندوں کے حالات معلوم کئے۔ ڈیڑھ لاکھ روپیہ بطور عطیہ اس ادارہ کو دیا۔ یہہ ادارہ ان کا اور حکومت سعودیہ کا بڑا ممنون ہے۔ اس ادارہ کو کوئی مستقل آمدنی نہیں ہے۔ اس لیئے وسیع کام کرنے میں رکاوٹیں

پیدا ہوتی رہیں۔ الحمدللہ سب ارکان مل کر اس ادارہ کو برابر قائم رکھے رہیں۔ اور کام کر رہے ہیں۔ سب کی یہی کوشش ہے کہ اس کے تحت عربی مدرسہ کو زیادہ وسعت دیں جمعیۃ الیمینیہ بالھند کے مدعو کرنے پر کئی بار سفیر یمنی نیو دلّی سے بارکس آئے۔ اور حالات کا جائزہ لیا۔ یمن کے پارلمنٹ ممبر بھی جمعیۃ الیمنیۃ بالھند بارکس آئے تھے۔ اور کئی وزراء یمن کے جمعیۃ الیمنیہ بالھند بارکس آئے۔

جمعیۃ الیمینہ بالھند بارکس اپنا ربط سماجی سفارت خانہ نیو دلّی سے قائم کئے ہوئے ہے۔ بعض وقت جمعیۃ الیمنیہ بالھند کے ارکان خود دلّی جاتے ہیں۔ اور سفیر الیمنہ کو یادداشت پیش کرتے ہیں۔ بعض وقت سفیر کو بارکس بلاتے ہیں۔ بہرکیف اِس ادارہ کے قائم ہونے سے یہاں ہندوستان کے یمنی نژاد اور جمہوریہ الیمن کے مابین واسطہ بتوسط سفارت خانہ قائم ہوگیا ہے۔ یمنی سفیر نیو دہلی کو یادداشت بھی پیش کی گئی ہے۔ اور اپیل کی گئی ہے۔

(۱) یمن کے عربی اخبار جمعیۃ الیمنیۃ بالھند کو روانہ کریں۔

(۲) بارکس میں چونکہ زیادہ تعداد میں یمنی نژاد باشندے آباد ہیں۔ ایک عربی اسکول کھولنے میں مدد کریں۔ اور عربی پڑھانے کے لیے

یمن سے مدرسین روانہ کریں۔

(۳) یمن کونسل آفس حیدرآباد میں قائم کریں۔ تاکہ یمنی نژاد باشندوں کو زیارتی ویزا ملنے میں آسانی ہو۔ سفارت خانہ دہلی میں اور کونسل آفس بمبئی میں ہے۔ لوگوں کو ان دونوں مقامات پر جانے کے لئے مصارف کا بوجھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ زیارتی ویزا اور دوسرے سفری امور میں آسانی ہوسکے۔ یوں بھی یمنی نژاد باشندے حیدرآباد میں زیادہ تعداد میں ہیں۔

(۴) انڈین یمنی نژاد باشندوں کا ایک وفد یمن بلایا جائے تاکہ یہ وفد یمن کے ترقیاتی پروگرام دیکھے اور انڈو یمن تعلقات اور زیادہ بڑھانے کی کوشش کرا اور زیادہ استحکام کیا جاسکے۔

(۵) جب سے شمالی یمن اور جنوبی یمن ایک وحدہ بن گیا ہے۔ الحمدللہ پیٹرول بھی کافی نکلنا شروع ہوگیا ہے۔ شخصی انٹرویو میں توجہہ دلائی گئی ہے۔ انڈین یمنی نژاد باشندے جو تعلیم یافتہ ہیں۔ اور فنی ہیں اور اکثر اور غیر ہنرمند ان کو اپنے آباواجداد کے وطن سے زیادہ توقعات ہیں اور حالات سازگار ہوجائیں تو ملازمتوں کے ویزوں میں ان انڈین یمنی نژاد باشندوں کو ترجیح دیں۔

اب اس ادارہ کو وسعت دینے کے لئے اضلاع آندھراپردیش

اور اضلاع مہاراشٹر (سابق اضلاع نظام اسٹیٹ) اضلاع کرناٹک (سابق اضلاع نظام اسٹیٹ) گجرات اور دیگر مقامات پر جہاں پر یمنی نژاد باشندے ہیں اِن سے بھی روابط پیدا کرنی کی کوشش کی جارہی ہے۔

(۶) **جمعیۃ الخیریہ (ویلفر اسوسی ایشن)** :- سماجی بھلائی کے لیئے یہ ادارہ قائم کیا گیا ہے ادارہ کی بھی ایک باڈی بنادی گئی ہے۔ صدر، نائب صدر، معتمد، خازن بنانے گئے ہیں۔ توقعات ہیں کہ آئندہ یہہ ادارہ سماجی بھلائی کے لیئے زیادہ کام کریگا۔

(۷) **فٹ بال اسوسیشن** :- بارکس میں کافی وسیع فٹ بال گراونڈ ہے بارکس کے نوجوان بچوں کو فٹبال کھیلنے کا بہت زیادہ شوق ہے۔ فٹ بال کے اسوسیشن بنائے گئے ہیں۔ نوجوان بچوں کو تربیت دی جاتی ہے۔ فٹ بال ٹیم انڈیا کے مختلف مقامات پر مقابلہ کو لے جاتے ہیں۔ اور انڈیا نے دوسرے ٹیم بھی فٹ بال مقابلے کے لیئے بارکس آتے ہیں لوگ بڑی دلچسپی سے فٹ بال کا مظاہرہ دیکھتے ہیں معاضی میں بھی میرم لائن رجمنٹ کے دوران بھی فٹبال

کا لوگوں بہت شوق تھا۔

(۸) **یوتھ اسوسی ایشن**:۔ یہ کمیٹی بھی بستی کی فلاح وبہبود کے لئے کام کر رہی ہے۔

(۹) **شباب کمیٹی**: یہ کمیٹی بچوں کو دینی تعلیم کے لئے کام کر رہی ہے۔

سابقہ حکومت حیدرآباد میں جمعیت عرب کے حسب ذیل اقسام تھے۔ یہ سب یمنی نژاد سے تھے۔ (۱) جمعیت عروب کوتوالی

(۲) نظم جمعیت عروب

(۳) جمعیت نظام محبوب (ایسرم لائن)

(۱) **جمعیت عروب کوتوالی**:۔ یہ خاص کاموں پر مامور تھے۔ اور اکثر پولیس کا تعاون کیا کرتے تھے۔ اور ان مقامات پر ان کو مامور کیا گیا تھا۔

(۱) **انگریزی بت خانہ**:۔ یہ عمارت عابڈ روڈ پر تھی۔ جہاں رگھوناتھ بنک تھا۔ اب وہاں پر کلیلکس بنایا گیا ہے۔ موجودہ وہاں پر باٹا شو کمپنی ہے۔ اس عمارت میں عرب گارڈ کوتوالی کو مامور کیا گیا تھا۔

(ب) **مغلائی ٹپہ خانہ**:۔ یہہ عمارت عابڈ پر ہی تھی آج اس جگہ جنرل پوسٹ آفس کی تعمیر کی گئی ہے۔ یہاں پر بھی عرب گارڈ کوتوالی مامور تھے۔

(ت) **پرانہ باغ عامہ**:۔ یہاں پر سب اہم عمارتوں پر عرب گارڈ کوتوالی متعین کیا گیا تھا۔

(ث) **ریلوے اسٹیشن**:۔ کاچیگوڑہ، ناپیلی، سکندرآباد عرب گارڈ کوتوالی مامور تھا۔ یہہ اسٹیشن پر پولیس کا تعاون کیا کرتے تھے۔

(ج) **خزانہ عامرہ موتی گلی**:۔ یہ آفس موتی گوبی لاڈ بازار میں ہے یہاں پر بھی عرب گارڈ کوتوالی مامور تھا۔ کوتوالی عروب اور نظم جمعیت عروب کے قہواہ خانے حسب ذیل مقامات پر تھے۔ جہاں عرب سکونت اختیار کرتے تھے۔

یہہ قہواہ خانوں کی نوعیت بیارکس جیسی تھی۔ یہاں پر عرب بڑے بڑے ھالوں میں سکونت اختیار کرتے اور اندر دیواروں پر ہتھیار بندوقیں تلواریں، لٹکے رہتے تھے ہر ایک سپاہی کی تلوار اور بندوق علیحدہ ہوتی پکانے کے لیئے اور غذا سپلائی وغیرہ کے لیئے اِن قہواہ خانوں

مرفاشی ہوتے تھے۔ اور یہ بھی سرکاری ملازم ہوتے تھے۔

(ا) **خزانہ عامرہ** :- یہاں پر تقریباً چار سو عرب مقیم تھے۔

(ب) **کبوتر خانہ** :- یہاں پر تقریباً چار سو عرب مقیم تھے۔

(ت) **پیٹھی براق** :- یہاں پر تقریباً تین سو عرب مقیم تھے۔

(ث) **پرانی حویلی** :- یہاں پر تقریباً پانچ سو عرب مقیم تھے۔

(ج) **بکر کوٹ** :- یہاں پر چار سو عرب رہتے تھے۔

(د) **دیوڑھی عبدالجبار** :- یہاں پر دو سو عرب مقیم تھے۔

عرب کی ملازمت کے لیے ابتدا میں حسب ذیل افراد تصدیق کیا کرتے تھے۔ (ا) صالح بن عمر بابلیل صاحب

(ب) علی بن سعید بابلیل صاحب

(ت) علی بن عمر بابلیل صاحب (اب یہ جمعیۃ الیمنیۃ بالھند میں محقق تعریف ہیں،

انتظامیہ کوتوالی:۔ چار صدر چاوش ہوا کرتے تھے۔ ان کے تحت آٹھ ذیل چاوش۔ صدر چاوش کے نائب ہوتے تھے۔ بیس[20] منظرف چاوش ایک چیف عرب گارڈ اور جملہ آٹھ سو جوان تھے۔

نظم جمعیت عروب:۔ یہہ وہ عرب ہیں جن کو بادشاہی محلات اور خاص کر نظام اسٹیٹ کے جملہ سولہ اضلاع۔ تعلقہ جات اور بعض اہم مواضعات خزانوں تحصیلوں پر نگرانی کے لیئے مامور کیا گیا تھا۔ سابقہ نظام اسٹیٹ کے جملہ اضلاع اورنگ آباد، عثمان آباد، پربھنی، ناندیڑ، بیڑ (موجودہ دور میں مہاراشٹر کے تحت ہیں) رائچور، گلبرگہ، بیدر (موجودہ دور میں کرناٹک کے تحت ہیں)۔ کریم نگر، ورنگل، نظام آباد، نلگنڈہ، محبوبنگر میدک، عادل آباد، اطراف بلدہ (موجودہ دور میں یہہ آندھرا پردیش کے تحت ہیں)، ہر ضلع میں اور تعلقہ جات کے تحصیل میں نگران کار مامور کئے گئے تھے۔ ذیل چاشن۔ منظرف چاوش ان کے تحت کافی عرب تھے

سرکاری بنک:۔ اسٹیٹ بنک حیدرآباد اور اس کے

تحت جتنے بھی بنک اضلاعوں میں تھے ۔ سب پر عرب گارڈس نگرانی کیا کرتے تھے ۔ ان کی بھی درجہ بندی تھی ۔ صدر، جاوش، نائب وغیرہ ۔

(۳) **جمعیت نظام محبوب** :۔ اس کی تفصیل پیچھے واضح کردیا گئی ہے

ونپرتی، آتماکور، گدوال :۔ موجودہ یہ تینوں تعلقہ ضلع محبوب نگر آندھراپردیش کے تحت ہیں ۔ پہلے یہ سب رجواڑے تھے ۔ اِن رجواڑوں میں بھی عرب گارڈ مامور کئے گئے تھے ۔ یہ عرب گارڈ خزانوں ۔ محلات اور اہم مقامات کی نگرانی کرتے تھے ۔ راجہ مہاراجے عربوں کی شجاعت کردار، اور ایمانداری سے بہت متاثر ہوئے ۔ یہاں تک کہ بہت سے راجاؤں نے بعض عربوں کو زمین بطور جاگیر عطاء کئے ۔ اس زمانہ میں یہ سب عرب راجاؤں کے پاس بہت خوشی سے دل لگا کر کام کیا کرتے تھے ۔

یمنی عرب عالم دین حسب ذیل تھے :۔

(۱) جناب معلم سعید بن صالح بلصقع مرحوم

(۲) جناب شیخ سالم بن صالح باحطاب مرحوم

(۳) جناب شیخ صالح بن سالم باحطاب مرحوم

(۴) جناب معلم شیخ احمد باشراحیل مرحوم

(۵) جناب حبیب عبداللہ بن احمد مدیحج (٦) سید ابوبکر بن شہاب العلوی مرحوم

جناب حبیب عبداللہ مدیحج مرحوم کو اعلیٰ حضرت میر عثمان علی خان نے آصفیہ لیبریری کی تصیح اور تحقیق پر مامور کیا تھا۔ حکومت ہند نے پدم شری کے خطاب سے بھی لوازہ تھا۔ سابقہ حیدرآباد نظام کی فوج میں بھی عرب بڑے عہدوں پر مامور تھے۔

(ا) جناب ناصر بن عوض ابی الیل کمانڈنگ آفیسر تیسری پلٹن

(ب) جناب بن شیخ ابوبکر بن سالم (حبیب یار جنگ) کمانڈنگ آفیسر اور اعلیٰ حضرت عثمان علی خاں آصف جاہ کی بیٹی میں رہے

(ت) حبیب احمد بن محضار العیدروس چیف کمانڈنگ آفیسر حیدرآباد آرمی

(ث) سید احمد بن عبدالقادر العیدروس بریگیڈیر آرمی رہے۔

(ج) احمد بن عوض ابی الیل سکنڈ کمانڈنگ آفیسر سکنڈ لانسر علاوہ ان کے دوسرے عہدوں پر کئی یمنی نژاد عرب لفٹنٹ۔ کرنل ناصو سید ایجر

صوبیدار۔ جمعدار وغیرہ رہے۔

یمنی عرب کی تصدیق:۔ ملازمت کے وقت مختلف جمعدار مختلف محلے اطراف بلدہ میں تھے اور جو عرب جمعیت میں ملازم ہوتے تھے۔ اِن کی تصدیق یہی جمعدار کیا کرتے تھے۔

یمنی عرب کی نام ور شخصیات:۔

(۱) جناب محمود بن محمد صالح عولقی صاحب کرنول اندھراپردیش میں پیدا ہوئے انہوں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ حیدرآباد میں اعلیٰ عہدہ پر فائز رہے انہی کو ہندوستان کا سفیر بنا کر سعودی عرب بھیجا گیا تھا۔ موصوف کے والد محمد بن صالح بن عوض بن علی بن عبداللہ بن احمد بن صالح بن محمد عولقی لقب بارودیں ریاست حیدرآباد فوج میں اعلیٰ عہدہ پر فائز رہے۔

(۲) جابر بن سالم مُصلی مرحوم پروفیسر زیالوجی عثمانیہ یونیورسٹی میں خدمت انجام دے۔

(۳) حبیب محمد العیدروس کلکٹر تھے بعد میں صوبیدار ہوئے۔

(۴) جناب صالح بن محسن الیافعی جن کا تعلق ضلع عادل آباد سے ہے ڈپٹی کلکٹر رہے

(۵) احمد بن محضار العیدروس مرحوم سابقہ ریاست حیدرآباد کے چیف کمانڈر آرمی رہے۔

(۶) موجودہ دور میں کئی عرب ڈاکٹرس اور کئی ایڈوکیٹس ہیں۔

سیاسی شخصیات۔

(۱) سعید بن عبداللہ باحمید الھیج مرحوم صوبیدار میجر تھے۔

(۲) ابوبکر بن علی بامقداد صوبیدار میجر مرحوم

مذکورہ دونوں حضرات بارکس کی رجمنٹ میں صوبیدار میجر کے عہدہ پر فائز رہے دونوں حضرات بلدیہ حیدرآباد میں کونسلر رہے۔ دونوں کانگریس پارٹی سے وابستہ تھے۔ اور اچھا رسوخ رکھتے تھے۔ دونوں نے بارکس کی بستی کی صفائی اور صحت اور دیگر امور کے لئے خدمات انجام دئے۔

یمنی عرب کے نام ور جمعدار:- یہ عہدہ عرب کو آصف جاہی حکومت

میں دیا گیا اگرچیکہ یہ عہدہ بظاہر معمولی نظر آتا لیکن اُس زمانہ میں یہ عہدہ کی نوعیت فوجی کمانڈینگ آفسر سے زیادہ تھی۔ تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) حبیب صالح بن علوی (یہ زمانہ آصف جاہ ثالث سکندرجاہ بہادر کا تھا)

(۲) حبیب عبداللہ بن صالح علوی (یہ زمانہ آصف جاہ ثالث سکندرجاہ کا تھا)

(۳) غالب بن محسن الکثیری (یہ زمانہ ناصر الدولہ آصف جاہ کا تھا

(۴) شیخ احمد بن صالح عبادی المخاطب احمد یار خاں ببر جنگ یہ زمانہ ناصر الدولہ آصف جاہ کا تھا۔ ان کی جمعیت میں ایک ہزار عرب ایکجِس[۲۱] سوار ایک عمادی ایک پالکی دو منزلہ میانہ ایک زنجیر فیل اور کافی جاگیر بھی تھی۔ ان کے بیٹے کا نام شیخ حسین عبادی تھا۔

(۵) السید مجاہد عبدالرحمن بن زاہر یہ بہادر تھے۔ اور جلیل القدر عالم بھی تھے۔ یہ زمانہ ناصر الدولہ کا تھا۔

(۶) عبداللہ بن علی عولقی المخاطب مقدم جنگ موصوف زمانہ

ناصرالدولہ افضل الدولہ میر محبوب علی خان آصف جاہ کے زمانہ میں برسر خدمت رہے ۔

(۷) عمر بن عوض بن عبد اللہ القعیطی :- شمشیر نواز جنگ شمشیر الملک موصوف زمانہ ناصرالدولہ افضل الدولہ میر محبوب علی خاں کے زمانہ میں برسر خدمت رہے ۔ ان جمعداروں نے آصف جاہی حکومتوں میں بڑی شجاعت اور دیانتداری سے خدمت انجام دی ۔ اس زمانہ کے حالات بہت بگڑے ہوئے تھے ۔ ہر طرف فتنہ اور افراتفری کا عالم تھا ۔ ان جمعداروں نے حکومت کا پورا پورا ساتھ دیا ۔ اندرونی اور بیرونی حالات کو قابو میں کیا آصف جاہی خاندانوں کی حفاظت حکومت کی حفاظت خزانوں کی اور امراء کی حفاظت سرکاری عمارتوں کی حفاظت بہرکیف انہوں نے اطراف بلدہ اضلاع تعلقہ جات مواضعات ہر مقام پر ہر حالت میں حکومت کا بہت ہی بہادری اور دیانتداری کیساتھ تعاون کیا ان جمعداروں کے تحت کافی عرب ہوتے ۔ گھوڑے سوار ہوتے عرب ہتھیار بند گروپ ہوتے ان جمعداروں نے بڑے کارنامے انجام دیئے ہیں جو آج تک یاد کئے جاتے ہیں ۔

عرب بحیثیت قوم اور رعیت:۔ تاریخ النوایط میں شمس العلما مولانا شبلی نعمانی صاحب تقریظاً جو تحریر کی گئی ہے۔ قدیم زمانہ میں شخصی سلطنت کے اصول نے فن تاریخ پر یہ اثر کیا تھا کہ تاریخی تصنیفات میں جو کچھ لکھا جاتا صرف سلاطین کے واقعات اور حالات ہوتے تھے۔ ملک اور قوم کے حالات سے مطلق بحث نہیں ہوتی تھی۔

اس تحریر کو پڑھنے کے بعد اصلیت اچھی طرح واضح ہوجاتی ہے۔ بادشاہوں، وزیروں اور اعلیٰ عہدے داروں اور بڑے شخصیات کی تاریخ زیادہ نمایاں بتائی گئی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جب تک بادشاہ، وزیر۔ قائد اور ذمہ داراں کے کردار، شجاعت ایمانداری قابل بھروسہ نہ ہو قوم یا رعیت کی صحیح رہنمائی ہونا مشکل ہوجاتا ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ قوم اور رعیت بھی اچھے کردار، شجاعت بہادر، ایماندار نہ ہو تو قائد کے لیے بھی دشواری ہوجاتی ہے۔ اس تاریخ میں جتنے عرب قبائل کا اظہار کیا گیا ہے۔ ان کا بھی وقار اس طرح ہے جیسا کہ ذمہ دار قائدین کا ہوتا ہے جیسے کہ فوجی جمعداروں کے تحت آورد کے (جیسے رجمنٹ) تھے۔ جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) عبداللہ بن علی عولقی المخاطب مقدم جنگ

(۲) غالب جان باز جنگ

(۳) شمشیر نواز جنگ

(۴) شمشیر یاور جنگ

(۵) شمشیر الدولہ

(۶) سیف نواز جنگ

(۷) سیف الدولہ

(۸) بافنع

(۹) عبادیؒ

(۱۰) ناصر نواز الدولہ

(۱۱) برق جنگ

(۱۲) غالب جنگ

(۱۳) عمر نواز جنگ

ان جمعداروں کے تحت صدر چاوش ہوتے اور صدر چاوش کے تحت ذیل چاوش ہوتے ذیل چاوش کے تحت منطرف چاوش ہوتے۔ منطرف چاوش کے تحت سپاہی ہوتے۔ سپاہی کی بھی

دو قسمیں ہوتیں۔ (۱) عام سپاہی (۲) منصرم (جیسے کیڈیٹ) ہر آوردہ میں تین سو۔ چار سو کسی میں پانچ سو کے قریب سپاہی ہوتے یہہ سب اپنی قومی لباس میں اور ہتھیار بندھ ہوتے۔

یمنی عربوں کا لباس

لنگی سبایات (خاص قسم کی لنگی مختلف رنگ کے پٹے ہوتے)

کرتا لنگی میں انشرٹ کیا ہوتا کمر میں چمڑے کا بیلٹ ہیں دو نیام ہوتے ایک جنبیہ (خنجر خمیدہ نما) اور شفرۃ (چھوٹی سکین) کے لیئے ہوتا۔ جنبیہ کا مٹ (سرا) ہاتھی دانت یا سینگ کا ہوتا۔ اُس مٹ پر چاندی کی طلای کا کام کیا ہوا ہوتا۔ کمر کے اطراف ٹپکا (ایک قسم کا مخصوص رومال) بندھا ہوتا۔ سر پر دشمال (ایک قسم کا خاص رومال) پہنا کرتے جس طرح کے پگڑی ہوتی ہے۔ پیر میں چپل یا سینڈل پہنا کرتے۔ مختلف رنگ کے کوٹ پر مشجرہ ڈالا کرتے تھے تلوار اور نمچہ (خمیدہ تلوار) بھی عموماً ساتھ رکھتے تھے۔ ڈیوڑھی پر بندوق ساتھ رکھتے تھے۔ پہلے بندوق فتیل کے ہوتے تھے۔ بعد میں توڑے والے بندوق استعمال میں آنے لگے۔ جنگجو قبائل جنبیہ اور شیوخ خنجر کمر میں استعمال کرتے تھے۔

یمنی عربوں کی غذا :۔ عرب ہر صبح نہار پیٹ قہواہ (آدھی سوکھی سونٹھ اور آدھی کافی

تخم جن کو بُن کہتے ہیں) جوش کیا ہوا پانی میں یہہ سفوف ملا کر پیا کرتے

یہہ قہواہ اعصابی کمزوریوں کے لیئے اور سینے سے بلغم اور صفرا دور

کرنے کے لیئے اور دوسرے کئی بیماریوں کو دور کرنے کے لیئے بہت

مفید ثابت ہوا ہے۔ اس قہواہ کے ساتھ کھجور بھی استعمال کیا کرتے

مرق میں کافی مرچ بھی استعمال کرتے (بکرے کا گوشت اور ہڈیوں

کا شوربہ) ہر روز استعمال کیا کرتے۔ مزبہی (بکرے کا گوشت کو پارچہ

کیا جاتا اس کو ادرک اور لہسن پیس کر لگایا جاتا اور پتھر کو آگ سے گرم

کر کے بھونا جاتا تھا۔ یہہ غذا ہفتہ میں دو ہفتہ میں ایک بار استعمال کی

جاتی۔ عموماً یہہ غذا باہر جنگلوں میں جب تفریح کے لیئے جاتے تو ضرور

استعمال کیا کرتے تھے۔ اس مزبہی کے ساتھ لیمو بھی استعمال

کیا جاتا تھا۔

معضاف : دبکرے کے آنتوں کو پانی سے صاف کر کے ان

کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائے جاتے بکرے کا معدہ، کلیجی اور سر دان

پانی سے صاف کر لیا جاتا۔ پھر اس کے بھی چھوٹے ٹکڑے بنائے جاتے

کچھ آنتوں بشمول معدہ، کلیجی اور سردان کے ٹکڑے ان کو انھیں آنتوں سے باندھ کر پلنڈے سے بنائے جاتے۔ اور پھر ان پلندوں کو مرق میں ڈال کر اُبال لیا جاتا۔ پھر بعد میں ان کو کھا لیا جاتا۔
یہ مغضاب کھانے میں بڑے لذیز ہوتے ہیں میٹھے کا استعمال کم اور گوشت کا استعمال زیادہ کیا جاتا تھا۔
حلیم، ھریس اور عصید (گیہوں کے آٹے میں گوڑ کا شیرا گرم کیا ہوا۔ ملا کر گھوٹا جاتا ہے۔ کافی دیر تک گھوٹنے کے بعد یہ بلکل ملائم ہو جاتا ہے۔ عربستان میں گوڑ کی جگہ کھجور کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس عصید کو اصلی گھی کے ساتھ کھایا جاتا۔ اب عرب النسل کی غذاؤں کا استعمال عام ہو گیا ہے۔ صرف عصید چھوڑ کر۔

یمنی عربوں کی چستی اور چالاکی:۔ عرب بڑے چست اور چالاک ہوتے تھے۔ اگر ان کو نیند سے بیدار کرنا ہوتا تو سر کی طرف آواز دینا پڑتا۔ پیروں یا جسم کے کسی حصہ کو چھونے پر فوراً بھڑک اُٹھتے۔ بسا اوقات اپنی کمر پر بندھا ہوا جنبیہ بھی کھینچ لیتے اس لیئے ان کو بیدار کرنے میں احتیاط برتنا پڑتا تھا۔ کسی پر ظلم برداشت نہیں کرتے تھے۔

بڑے حاضر دماغ ہوتے تھے۔

یمنی شرح :- عربوں میں مخصوص طرز کا گانا بجانا ہوتا۔ گروپ میں سے دو ٹکڑیاں بنائی جاتی تھیں دونوں ٹکڑیاں اپنے عربی لباس میں مقابل کچھ فاصلہ پر ٹھیر جاتے۔ دونوں ٹکڑیاں گاتے ہوئے۔ اور خاص انداز میں پیروں کو رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے قریب مقابل آجاتے پھر الٹے پاؤں اس انداز میں پیر رکھتے ہوئے واپس ہوتے۔ یہ سلسلہ گاتے ہوتے ہوئے چلتا رہتا۔ درمیان میں **مزمار** : (دو ہڈیوں سے بنی ہو ڈبل بانسری جیسی جس کی لمبائی ۶ یا ۷ انچ ہوتی) مرفہ بھی بجایا جاتا۔ یہ شرح مخصوص اوقات خوشی کے موقع پر کی جاتی۔ موجودہ یمنی نژاد باشندوں میں یہ رواج باقی ہے

زامل خصامتی :- (اظہار مسرت کے لیئے انداز تغزل) یہ گروپ کی شکل میں بولا جاتا تھا۔ شادی بیاہ۔ عید کی مسرت میں یا کسی اپنے اعلیٰ افسر کی تہنیت پیش کرنے بولا جاتا تھا۔ اس کے انداز تغزل مختلف ہوتے شجاعت، بہادری۔ سخاوت۔ تہنیت وغیرہ

حسب و نسب:۔ قدیم زمانے سے عربوں میں اس کی خاص اہمیت چلی آرہی ہے۔ الحمد اللہ آج بھی ان نسلوں میں حسب و نسب کا ضرور خیال کیا جاتا ہے۔

عربوں میں اپنے نام کے ساتھ آبا و اجداد کی نہ صرف ابنیت (ولدیت) کا اظہار کیا جاتا بلکہ قبیلوں کے نام بھی شامل کرنا اظہار افتخار ہوتا۔ آئے دن یہہ دیکھا جارہا ہے کہ عرب نژاد بطور خاص حضارم اپنی پُرانی روایات کو متروک کرتے ہوئے اپنے نام کے ساتھ ابنیت کو ظاہر کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ یہہ روایت نہ صرف حضارم قوم کا امتیاز تھی۔ بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب اکرام رضؓ کے نام بھی ابنیت کیساتھ پڑھے اور لکھے جاتے ہیں میری گذارش ہے کہ عرب اور حضارم اپنی اس روایت کو برقرار رکھیں تو اپنے نام کے ساتھ ان کے آباد اجداد کے ناموں کو بھی جاننا آسان ہوگا۔

یمنی نژاد باشندے:۔ آندھرا پردیش مہاراشٹرا۔ کرناٹک۔ (خصوصاً سابق ریاست حیدرآباد کے اضلاع) میں یمنی نژاد

باشندے تقریباً دو لاکھ سے زیادہ ہیں اور اب ان کی قومیت ہندوستانی ہے۔ کیرالہ۔ اور گجرات اور کچھ مقامات پر یمنی نژاد باشندوں کی صحیح تعداد کا اندازہ نہیں ہے۔

یمنی عرب کے اپنے اعلاجات :-

(۱) جسم کے خون کو ایک سال یا دو سال میں ایک بار نکالا جاتا طریقہ یہ تھا۔ ایک سوکھی ہوئی سینگ ہوتی جس کا ایک سرا بڑا دوسرا سرا چھوٹا ہوتا۔ چھوٹے سرے پر سوراخ کر لیا جاتا۔ دوسرے سرے پر بڑا سوراخ ہوتا۔ بڑے سوراخ والے سینگ کو جسم پر رکھ دیا جاتا یعنی جسم کو جہاں خون نکالنا ہوتا چسپاں کیا جاتا۔ چھوٹے سوراخ منہ میں لیکر سینگ کے اندر کی ہوا۔ کھینچی جاتی۔ اور چھوٹا سرا بند کر دیا جاتا۔ سینگ کا بڑا سرا خود بہ خود جسم کے حصہ سے چسپاں ہو جاتا۔

یہہ عمل کرنے سے پہلے جس حصہ کا خون نکالنا ہوتا اس جسم کے حصہ پر باریک نشتر مارے جاتے تاکہ خون نکل سکے اسی نشتر مارے حصہ پر یہہ سینگ چسپاں کر کے خون نکالا جاتا عموماً۔ سر کے پیچھے گردن پر پیٹھ پر اور ایسے حصے پر لگایا

جاتا جہاں کا خون نکالنا مقصود ہوتا۔ اس کے کئی فوائد ہوتے ہائی بلڈ پریشر نہیں ہوتا۔ غلیظ خون جسم سے خارج ہوتا اور کئی بیماریوں کیلئے مفید سمجھا جاتا تھا۔

(۲) سردی کے لیئے مُرّا استعمال کیا جاتا۔ مُر بڑوں چھوٹوں کا چٹایا جاتا۔ اور اس کا لیپ بنا کر سر درد یا کسی مقام کے درد کو لگا کر آگ سے سیکھا جاتا۔

(۳) پھوڑے پھنسی اور بچوں کی ختنہ کے زخم وغیرہ کے لیئے ورشں استعمال کیا جاتا۔ اس کا لیپ لگایا جاتا۔

(۴) صُبر خون صاف کے لیئے اور پیٹ کے بیماریوں کے لیئے یہ کھایا جاتا تھا۔ مُر۔ صُبر۔ ورشں یہ حضرموت (یمن) سے لایا جاتا تھا یعد لارڈ بازار حیدرآباد میں سعید بن عبود رمضان اور احمد بن عبود رمضان حضرموت سے منگا کر فروخت کیا کرتے تھے۔ ان دونوں کے انتقال کے بعد عمر بن سعید رمضان حضرموت سے منگایا کرتے۔ عربوں کے لباس۔ لنگی سبایات۔ وُشمال پٹکے بھی یہی رمضان والوں فرخت کیا کرتے تھے۔ دوسرے اور بیوپاری بھی تھے۔

عربوں کی مہمان نوازی:۔ عرب بڑے مہمان نواز تھے۔ دسترخوان پر اکیلے کھانا نہیں کھایا کرتے بلکہ کوئی نہ کوئی ان کے ساتھ شریک رہتا۔ یہ رواج عرب نسل میں اب بھی موجود ہے۔

عربوں کے عادات اطوار:۔ عرب سادگی پسند تھے۔ ان میں کوئی غرور نہیں ہوتا تھا۔ کسی کو اپنا دوست بنا لیتے تو اس کا ہمیشہ ساتھ دیتے۔ دماغی اعتبار سے بڑے چالاک ہوتے۔ برسوں گذری بات کو اچھی طرح یاد رکھتے۔ سخاوت اور خیرات ان کے ورثہ میں رہی۔

سلام کرنا سلام کا جواب دینا یہ دونوں ان کے پاس بڑی اہمیت تھی۔ باہر سے آنے والا یا گذرنے والا بیٹھے لوگوں کو سلام کیا کرتا جیسا کہ حدیث شریف سے واضح ہے۔

عربوں کی ایمانداری اور شجاعت:۔ چھوٹا سا عرب گارڈ (جن کی تعداد مشکل سے دو یا تین یا زیادہ سے زیادہ چار) ایک مقام سے دوسرے مقام خزانے لے جایا کرتا تھا۔

کئی سو سال میں بھی کوئی ایسا حادثہ نہیں پیش آیا۔ اور نہ کسی کی کوئی ہمت ہوسکی۔ عرب گارڈ پر حملہ کرسکے۔ جو بھی ذمہ داریاں آصف جاہ خاندان کی طرف سے ان کو سونپی جاتی عرب اپنی جان دے کر اس کو انجام دیتے۔ شجاعت اور ایمانداری ہی نے ان کا درجہ بلند کیا۔

آصف جاہ خاندان۔ نظام اسٹیٹ کے نوابوں۔ راجہ مہاراجاؤں مہاراشٹرا کے راجاؤں اور گجرات کے راجہ مہاراجاؤں نوابوں۔ کیرالہ کے قدیم حکمرانوں اور کئی ایسی ہستیاں ہیں۔ جنہوں نے عرب کی شجاعت۔ کردار۔ بہادری۔ ایمانداری سب کو پسند کر کے عرب کو اپنی ہندوستانی رعیت میں شمار کر لیا۔

عرب کی دین داری:۔ عرب واحدانیت و رسالت میں بہت ہی راسخ تھے۔ نماز باجماعت کا بڑا ہی اہتمام کیا کرتے۔ اُن کے قہوہ خانہ قریب عموماً مساجد ہوا کرتی تھیں۔ نہ ہونے کی صورت میں قہوہ خانہ میں ہی نماز باجماعت کا اہتمام کرتے۔ جس کی مثال اب بھی بارکس حیدرآباد میں موجود ہے۔

بالکل چھوٹے بچے بھی روزہ رکھنے کا بے حد اہتمام کرتے ہیں
ایک خاص عادت جو عرب میں دیکھی گئی۔ وہ یہ ہے۔
اگر دو افراد کسی معاملہ میں جھگڑے تو تیسرا جھگڑا ختم کرنے کے لیئے کہنا صل علی النبی تو جھگڑا بالکل ختم ہو جاتا۔ قرآن کی تلاوت بھی اچھے انداز میں کرتے مساجد میں حزب کا حلقہ ہوتا۔ جو بھی موجود رہتے باآواز بلند قرآن کی تلاوت کرتے تاکہ غلطیاں دور ہو سکیں۔ کیونکہ عرب کو قرآن کی تلاوت پر بڑا عبور حاصل تھا۔

توکل کے تعلق سے تو آج بھی دنیا کے لوگ عرب کے توکل کا اعتراف کرتے جو ان عربوں میں بھی بدرجہ اتم موجود تھا۔

شادی بیاہ بڑی ہی سادگی سے انجام پاتی۔ پکوان خود آپس میں کرلیتے۔ گھوڑے جوڑے کی رسم آج تک بھی ان کے پاس اپنے ناپاک قدم نہ جما سکی۔ تمام امور شریعت دائرے میں انجام پاتے

الحمد اللہ حالات حاضرہ کا خیال کرتے ہوئے۔ سب مسلمان ان غیر شرعی رسموں کو ترک کرنے کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ جو ہمارے لیئے خوش آئند بات ہے۔ مذکورہ بالا صفات جو

عرب میں تھیں۔ آج ان کی اولاد میں بھی موجود ہیں۔

عربوں کی نشانہ بازی:۔ بندوق چلانے میں یہہ بڑے ماہر تھے۔ نشانہ پر برابر گولی چلاتے۔ یہاں تک بندوق چلانے میں مہارت اتنی تھی۔ کہیں کی آواز بھی آجاتی اُس آواز پر برابر نشانہ لگاتے۔ جنبیہ چلانے میں میں بھی بڑے ماہر تھے۔ ان کا وار برابر کارگر ہوتا۔ لبعض ایک تلوار چلاتے لبعض دو تلوار ایک ساتھ چلاکر حملہ آوروں کو پیچھے ڈھکیل دیتے۔ تلوار چلانے میں ان کے پینترے (یعنی پانوں) خاص انداز پر رکھتے۔ ان سب کے علاوہ بدُو (جو اکثر پہاڑیوں پر رہتے) کنکریاں مارکر کسی جانور کا شکار کرتے۔ اور دشمن آئے اُس پر پیشانی یا کنپٹی پر کنکریوں سے وار کرکے مار دیتے ایک کنکر دائیں ہاتھ کی پہلی انگلی پر رکھتے اور اُس کنکر کے اوپر سیدھے ہاتھ کی کلمہ کی انگلی رکھ کر پھرتی سے کنکر مارتے۔ یہہ کنکر جیسے گوپن میں پتھر رکھ کر مارا جاتا ہے۔ اسی رفتار سے مارا جاتا اور نشانہ جس مقام پر لگاتے وہیں جاکر لگ جاتا۔

ان عربوں کی خاص بات یہہ تھی کے اپنے طرف سے کبھی

حملے کا اقدام نہیں کرتے اور ہمیشہ اپنے دفاع کے لیئے ہی ہتھیار چلانے پر مجبور رہو جاتے۔

آصف جاہ نواب برکت علی خان بہادر پرنس مکرم جاہ کا خطاب بارکس میں

۱۲۔۳ مارچ ۱۹۹۲ء کو نواب برکت علی خان بہادر آصف جاہ ثامن پرنس مکرم جاہ کو بارکس میں مدعو کیا گیا تھا۔ بارکس پلے گراونڈ پر انہوں نے بہت ہی اچھے انداز میں یمنی عرب کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا عربوں کی تاریخ سے واقف کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ تالیوں کی گونج میں انہوں نے کہا عرب نہ ہوتے تو یہ ٹوپی میرے سر پر نہ ہوتی۔ خدا کے فضل اور آپ کے تعاون سے ہی یہ مقام حاصل ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ عرب تہذیب اور تمدن کیسے رہا جس کی آصف جاہ خاندان کے بادشاہوں سکندر جاہ آصف جاہ سے لیکر میر عثمان علی خان آصف جاہ کے زمانہ تک نہ صرف تعریف کی گئی۔ بلکہ ان کو خطابوں سے نوازا گیا۔

روابط جمہوریہ یمن خلیجی ممالک اور سعودی عرب سے

ہندوستان کے یمنی نژاد کے باشندوں کے روابط بتوسط سفارت خانہ یمنی نیو دہلی اچھے ہیں بہت سے یمنی نژاد نوجوان یمن گئے۔ اور وہیں مقیم ہو گئے۔ سب وہاں اچھے ہیں۔ اور برسر روزگار ہیں۔ اور ان میں سے اکثر یمنی قومیت بھی حاصل کر چکے ہیں۔ کچھ نوجوان خلیجی ممالک بھی گئے۔ وہاں کی قومیت بھی حاصل کئے ہیں۔ اور اکثر ہندوستانی قومیت پر ہی قائم ہیں۔

سعودی عرب میں بھی بہت سے یمنی نژاد باشندے ہندوستانی قومیت سے ہی برسر روزگار ہیں۔ ابتداء میں ہندوستانی یمنی نژاد جو جمہوریہ یمن گئے۔ ان کو برٹش حکومت کا بڑا تعاون حاصل رہا۔ عدن اور حضرموت برٹش کے ماتحت تھے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد عدن اور حضرموت برٹش کالونی کے زمرہ میں آگئے یمنی نژاد افراد جو ہندوستان خاص کر حیدرآباد میں مقیم ہے۔
ان کو اگر عدن یا حضرموت سفر کرنا ہوتا تو برٹش پروٹکریٹ پاسپورٹ لینا پڑتا تھا۔ برٹش ھائی کمشنر مدراس درخواست روانہ کرنے پر وہاں سے پاسپورٹ فارم دستیاب ہوتے۔

ان کو پُر کر کے دو رشتہ داروں کے نام جو عدن یا حضرموت میں ہوتے دینا پڑتا تھا۔

یہ کاروائی برٹش ہائی کمشنر مدراس ایک ماہ میں تکمیل کر کے بغیر کسی رکاوٹ کے برٹش پروٹیکرٹیٹ پاسپورٹ اجراء کرتا۔ عدن یا حضرموت جانے یا واپس ہندوستان آنے کیلئے بغیر ویزہ کے سفر ہوتا چونکہ ہندوستان دولت مشترکہ کا ممبر ہے اس لئے کوئی دشواری نہیں ہوتی۔

برٹش کے دور میں برٹش ہائی کمشنر اور برٹش حکومت کا یمنی نژاد باشندوں کیلئے بڑا ہی خاطرخواہ تعاون رہا۔ حضرموت عدن نومبر ۱۹۶۷ء میں آزاد ہوا۔ ڈیمقراطیہ الشعبیہ حکومت عوامی بنی یہ حکومت نے بھی یمنی نژاد باشندوں کے لیے سہولتیں دیں۔ اور پاسپورٹ بھی اجراء کئے۔

۲۲ مئی ۱۹۹۰ء میں شمالی اور جنوبی میں اتحاد کے بعد جمہوریہ یمن نام رکھا گیا۔ جمعیت یمینہ بالھند بارکس حیدرآباد کی جانب سے مبارک بادی کے پیغامات صدر جناب علی عبداللہ صالح نائب صدر علی سالم البیض وزیر اعظم حیدر ابوبکر عطاس

کے نام روانہ کئے گئے۔ جمعیت لیمنہ بالھند بارکس سے وفد کی شکل میں صدر جناب محمد بن صلاح القعیطی معتمد جناب عثمان بن سعید باعثمان آفس سکریٹری حامد بن خلیفہ و رکن خالد بن عبدالرحیم بادزیر نے سفیر یمن جناب محمد بن محمد الحبشی سے ملاقات کی اور اتحاد یمن پر مبارکبادی دی۔ ایک یادداشت پیش کی۔ اور ایک یادداشت سفیر شمالی یمنی جناب یوسف الحویطی سے بھی ملاقات کے بعد پیش کی۔

موجودہ سفیر یمن جناب احمد عبدہ راجح اور نائب سفیر جناب عبدالرحمن احمد الشبی اور عبدالرحمن سالم بن بریک وزیر سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ہر سال جمعیت کا وفد سفارت خانہ کا دورہ کرتا ہے۔ اور یمن کے حالات سے واقفیت حاصل کرتا ہے۔ اور یمنی نژاد افراد کے حالات اور مشکلات سے سفیر وغیرہ کو واقف کرواتا ہے۔

یمنی نژاد باشندے جو عرب ممالک گئے ہیں بعض اپنی فیملی کے ساتھ مقیم ہیں۔ اور بہت سے یمنی نژاد افراد کے خاندانی تعلقات ہیں۔ ہر سال دو سال بغرض ملاقات ہندوستان

آیا جایا کرتے ہیں۔ اکثر یمنی نثراد جو ممالک میں مقیم جن کے بچے وہاں مدارس میں پڑھتے ہیں۔ عربی زبان سے واقفیت رکھتے ہیں۔ جس کی وجہہ سے یہاں مقیم یمنی نژاد افراد کے بچے جو حیدرآباد اور اضلاع میں رہتے ہیں۔ عربی زبان سے محبت اور دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور کچھ عربی زبان سمجھتے اور بولتے اس کی وجہہ قرآن پڑھنے سے واقف ہیں۔ جس کی وجہہ انہیں عربی بول چال میں دشواری نہیں ہوتی۔

عرب کے عام معاشی مسائل

:۔ سپٹمبر ۱۹۴۸ء ریاست حیدرآباد میں پولیس ایکشن ہوا۔ نظام حیدرآباد کی حکومت ختم ہوگئی۔ اور ساری ریاست حیدرآباد انڈین یونین کے تحت ہوگئی۔ حالات بالکل بدل گئے ریاست حیدرآباد کے سولہ اضلاع ہیں۔ (۱) اطراف بلدہ (۲) محبوب نگر (۳) رائچور (۴) گلبرگہ (۵) ورنگل (۶) نظام آباد (۷) ناندیڑ (۸) پربھنی (۹) اورنگ آباد (۱۰) کریم نگر (۱۱) بیڑ (۱۲) عادل آباد (۱۳) بیدر (۱۴) میدک (۱۵) عثمان آباد (۱۶) نلگنڈہ۔ ان میں مختلف اضلاع آندھرا پردیش، مہاراشٹرا

اور کرناٹک میں تقسیم ہوگئے۔ ضلع ناندیڑ۔ پربھنی۔ اورنگ آباد عثمان آباد۔ بیڑ۔ مہاراشٹرا میں ضم ہوگئے۔

ضلع بیدر۔ گلبرگہ اور رائچور۔ کرناٹک میں ضم ہوگئے۔

باقی اضلاع آندھراپردیش میں ضم ہوگئے۔ یہ تقسیم زبان کی بناء پر کی گئی۔ مہاراشٹرا میں مرہٹی۔ کرناٹک میں کنڑی اور آندھراپردیش میں تلگو زبان پولیس ایکشن کے بعد بعض عرب جو یہاں ہندوستان میں رہنا نہیں چاہتے تھے۔ وہ حضرموت یمن چلے گئے۔ تقریباً دو پانی کے جہاز فل بھرے ہوئے یمنیوں کو بمبئی سے لے کر عدن چھوڑ دے۔ ان کے جانے کا بندوبست جناب حبیب احمد العیدروس سابقہ کمانڈنگ آفسر حیدرآباد آرمی نے کیا۔ نظام حیدرآباد نے ان کے اخراجات کا بندوبست کیا۔

ان سولہ اضلاع میں جتنے بھی عرب تھے۔ اکثریت فوج میں ملازم تھے۔ پولیس ایکشن کے بعد فوج ختم کردی گئی۔ جتنے عرب ملازم تھے۔ اور جن کی سروس تھی ان کو وظائف دیئے گئے۔ جن کی سروس کم تھی۔ ان کو کچھ بھی نہیں ملا۔ ان عربوں کی آمدنی کا ذریعہ محدود ہونے لگا۔ تعلیم تجارت، زراعت کی طرف

کم عرب مائل تھے ۔ یہی وجہہ تھی پولیس ایکشن کے بعد عرب کافی پریشان ہوئے ۔ سابقہ حیدرآباد کے اضلاع کی لسانی بنیاد کی تقسیم کے بعد عرب منتشر ہوگئے ۔ کافی عرصہ گذرنے کے بعد نوجوان یمنی نژاد عرب ممالک خلیج ۔ یمن اور سعودیہ سفر کئے بغرض معاش بعض کو خاندانوں کی پنچایت سے روزگار ملا ۔ بعض اپنی خودی کی کوشش سے روزگار حاصل کئے ۔

یہہ نوجوان بچے اپنے خاندانوں کی مدد کرنے لگے اس سے چند لوگوں کے معاشی مسائل کچھ حد تک سنبھلے ۔ لیکن اب بھی مجموعی اعتبار سے ان لوگوں کے حالات بھی خاطرخواہ نہیں ہیں اکثریت طبقہ ابھی بھی معاشی مسائل سے پریشان ہے ۔

اگر یہہ لوگ دینی تعلیم عربی تعلیم عصری تعلیم اور فنی تعلیم کی طرف توجہہ دیں تو کسی حد تک معاشی مسائل پر غالب آسکتے ہیں

ہونہار طالب علموں کے لیئے سرمایہ کی کمی کا سوال بھی ہوسکتا ہے ۔ ان حالات میں اگر سماجی کمیٹیاں متحد ہو کر کام کریں ۔ تو انشاء اللہ اس کا بھی کوئی حل نکل سکتا ہے ۔

اسلام کی تبلیغ :- عربوں نے تبلیغ اسلام کے لیئے بھی بہت

کام کیے ہیں۔ خاص کر سادات جو عراق سے آئے۔ اور حضرموت (جنوبی یمن)، سے آئے۔ انہوں نے سندھ۔ گجرات۔ حیدر آباد۔ کیرالہ۔ کلکتہ اور برما۔ سری لنکا کے کئی علاقوں میں تبلیغ اسلام کے لیئے کام کیا۔

سورت میں محمد بن عبداللہ العیدروس۔ دکن میں سیّد جعفر الصادق بن علی زین العابدین اورنگ آباد، مہاراشٹرا میں السید ابوبکر بن احمد بن حسین بن عبداللہ بن الشیخ کالی کٹ میں سید مجاھد بن عبدالرحمٰن بن الزاھر مقیم رہے اور بعد میں سری لنکا بھی گئے، انہوں نے بعد میں کلکتہ میں بھی قیام فرمایا۔ کلکتہ میں السید عبداللہ بن علوی بن حسن بن علی بن احمد بن صالح آئے۔ بڑے عالم تھے۔ تبلیغ فرمائے۔ برما کے کئی شاگرد آپ کے پاس موجود تھے۔ غیر سادات جو یمنی نژاد سے تھے تبلیغ اسلام کے لیے کام کیے۔

جمہوریہ الیمن میں پیٹرول کا نکلنا

اب چونکہ شمالی یمن اور جنوبی یمن ایک ہو گیا ہے۔ اب موجودہ نام جمہوریہ الیمن بن گیا ہے

وہاں پر پٹرول بھی کافی نکلنا شروع ہوگیا ہے۔ بموجب اخبار الایام مورخہ ۲۸ر جولائی ۱۹۹۳ء مورخہ ۹ر صفر ۱۴۱۴ھ یمن میں کافی پٹرول نکل چکا ہے۔ اور پائپ لائن کا کام بھی مکمل ہوچکا ہے۔ اس کا افتتاح ۲۶ر سپٹمبر اور ۱۴ر اکٹوبر ۱۹۹۳ء کو سرکاری طور پر کیا گیا۔ انٹرنیشنل بنک بھی یمن کو تعاون کے لیئے تیار ہوچکا ہے۔ جب سے یمن ایک ہوگیا ہے۔ یمنی عوام کو زیادہ توقعات ہوتے ہیں۔ انشاء اللہ ہندوستان کے یمنی نژاد و تعلیم یافتہ اور فنی تعلیم یافتہ باشندوں کے لیئے بھی آئندہ توقعات بڑھ جائیں گے۔

شجرہ اعلحضرت

نظام کا اس لیئے واضع کردیا گیا ہے۔ کیونکہ عرب آصفجاہی بادشاہوں کے بہت قریب رہے۔

شجرہ نسب اعلیٰحضرت نظام

عابد قلی خان

↓

فیروز جنگ

↓

نظام الملک آصف جاہ اول ۱۷۱۲ تا ۱۷۴۸ء

↓

غازی الدین

ناصر جنگ دوم ۱۷۴۸ تا ۱۷۵۰

صلابت جنگ ۱۷۵۱ سے ۱۷۶۱ء

نظام علی خاں ۱۷۶۱ تا ۱۸۰۳ء

بسالت جنگ

دختر ← مظفر جنگ سوم ۱۷۵۰ء

نظام علی خاں ↓

سکندر جاہ ۱۸۰۳ تا ۱۸۲۹ء

عالی جاہ

↓

ناصر الدولہ ۱۸۲۹ تا ۱۸۵۷ء

↓

افضل الدولہ ۱۸۵۷ تا ۱۸۶۹ء

↓

میر محبوب علی خان آصف جاہ ۱۸۶۹ تا ۱۹۱۱ء

↓

میر عثمان علی خان آصف جاہ ۱۹۱۱ تا ۱۹۶۷ء

چندولال صدر المہام ۱۸۳۲ تا ۱۸۴۳ء

۱۰ رشعبان ۱۲۵۹ھ میں ناصر الدولہ نے چندولال کو معزول کر دیا انکی جگہ ان کے برادر نسبتی راجہ رام بخش بہادر صدر المہام ہوئے۔ چندولال راجہ ٹوڈرمل (اکبر کے نورتن میں سے تھا) کی فیملی سے تھے۔ کشن پرشاد۔ ۱۹۰۱ تا ۱۹۱۲ء ان کے جانے کے بعد سالار جنگ سوم وزیر اعظم بنے۔ ۱۹۱۴ء میں سالار جنگ سوم نے استعفیٰ دے دیا۔

سالار جنگ اول ۱۸۲۹ء تا ۱۸۸۳ء :-

ان کا نام تراب علی خاں تھا۔ اور فیملی ادریس قرینی مدینہ منورہ سے بتائی گئی۔ ان کے جد اعلیٰ پہلے بیجاپور آئے تھے۔ اور علی عادل شاہ کا زمانہ تھا۔ علی عادل شاہی حکومت نے اس خاندان کی بہت عزت کی۔ اور اچھے عہدوں پر مامور کیا۔ سالار جنگ اوّل ۱۸۵۳ء میں ریاست حیدرآباد دکھن کے وزیر اعظم ہوئے۔

ان کے جاگیرات۔ کپل۔ یلبرگہ۔ کوڑنگل۔ کولی کنندڑہ اجنتہ تھے۔ ان سے پہلے ریاست حیدرآباد کے وزیر اعظم نواب سراج الملک (سالار جنگ اول کے چچا) تھے۔ یہ زمانہ ناصر الدولہ آصف جاہ کا تھا۔ ان کے زمانہ میں عرب کے نامور جمعدار عبداللہ بن علی عولقی المخاطب مقدم جنگ اور عمر بن عوض القعیطی المخاطب شمشیر الدولہ دونوں موجود تھے۔

سالار جنگ اول کے جاگیرات کے محلات اور خزانوں پر عرب گارڈ مامور کئے گئے تھے۔ گجرات۔ مرہٹواڑہ۔ اور دنیرتی کی رانی کے پاس جتنے بھی عرب دکن آئے۔

ان کے لانے میں سالار جنگ اول کا بڑا تعاون رہا۔ عرب کے معاملات جو بھی ہوتے۔ وہ ان دونوں جمعداروں کے تعاون سے ہوتے۔

افضل الدولہ آصف جاہ کے ۲۶ر فروری ۱۸۶۹ء کو انتقال ہوا۔ اس وقت محبوب علی خاں آصف جاہ کی عمر چار سال چار ماہ تھی۔ ان کی دیکھ رکھ کے لیئے سالار جنگ اول نے عبداللہ بن علی عولقی جمعدار کو نگرانی کے لیئے مامور کیا تھا۔ سالار جنگ اول کے وفات کے بعد مہاراجہ ترتدر پرشاد بہادر ان کی جگہ منصرم کام انجام دئے۔

سالار جنگ دوم ۱۸۶۱ء تا ۱۸۸۹ء

ان کا نام لائق علی خان تھا۔ 1884ء میں یہہ ریاست حیدرآباد کے وزیر آعظم بنے۔ انہوں نے بھی جاگیرات پر محلات اور خزانوں پر عرب گارڈ رکھے۔ عربوں کے کردار اور شجاعت اور ایمانداری سے وہ خوش تھے

سالار جنگ سوم ۱۸۸۹ء تا ۱۹۴۹ء

ان کا نام یوسف علی خان تھا ۔ ۱۹۱۲ء میں یہہ ریاست حیدرآباد کے وزیر اعظم بنے ۔ جب کہ کشن پرشاد اپنے عہدے سے ہٹ گئے تھے ۔ ان کے زمانہ میں بھی جاگیرات کے محلات اور خزانوں پر عرب گارڈ مامور کئے گئے تھے ۔ دیوان دیوڑھی حیدرآباد میں مسجد کے سامنے ایک دو بڑے ھال عرب گارڈ کے رہنے کیلئے دئے گئے تھے ۔ سالار جنگ سوم بھی عرب کی شجاعت ، کردار ، ایمانداری سے بہت متاثر ہوئے تھے ۔ اور عربوں کو بہت پسند کرتے تھے ۔

جمعیت نظام محبوب کا قیام

سالار جنگ اول نے آصف جاہ سے تجویز پیش کی تھی ۔ کے عرب کی ایک باقاعدہ بٹالین بنائی جائے ۔ آصف جاہ نے قبول فرمایا ۔ اور افسر الملک کی سرپرستی میں یہ طے پایا کہ ایک ہزار عرب کی بٹالین باقاعدہ بنائی جائے ۔ سالار جنگ دوم نے بھی عرب بٹالین کی تجویز کی اور آصف جاہ نے قبول فرمایا ۔ افسر الملک کی نگرانی میں عرب بٹالین باقاعدہ بنائی گئی ۔ اور فنکال پیسرم میں اس کا ہیڈ کوارٹر بنایا گیا ۔

عوض بن سعید ابی الیسل جو آفریکن کیولری میں لفٹنٹ تھے۔
یہہ بٹالین ان کے سپرد کردی گئی۔ گولکنڈہ بٹالین کی فوجی تربیت
دینے کے بعد جب وہ بٹالین بلکل باقاعدہ ہوگی۔ اس کے بعد میرم
لائن (جمعیت نظام محبوب) کو باقاعدہ بنا کر فوجی ٹرنیگ دی گئی۔
1302ھ میں یہ جمعیت بلکل باقاعدہ بنائی گئی۔

اکثر یمنی عرب میں جد اعلیٰ ایک اور قبیلے متفرق ہیں
اور بعض کے جد اعلیٰ ایک ہی ہے

بارکس حیدرآباد آندھراپردیش میں مقیم یمنی نژاد قبائل

العطاس (سید) ؛ النقیب ؛ العمودی ؛ العامری ؛ الکسادی
بن شیخ الوبکر (سید) ؛ الکثیری ؛ البکری ؛ البحر (سید)
العیدروس ؛ الکاف (سید) ؛ البار (سید) ؛ الحامد (سید)
السقاف (سید) ؛ الجفری (سید) ؛ الماس ؛ بن اسحاق (شیخ)
بارشید (برشید) ؛ بن علی جابر ؛ بن ببریک ؛ بجدیلہ ؛ بلحباب
یابلیل ؛ بحدیلی ؛ بوعشی ؛ بفلح ؛ بوقطیم (سید) ؛ بن رضوان
(بارضوان) ؛ بترلرواس (بارواس) ؛ بارزیق ؛ ارمادہ

بلقیع ٭ بابرکات ٭ توفیق ٭ تمیمی ٭ باتیس ٭ بن ثابت
باجابر ٭ باجمال ٭ جابری ٭ جعیدی ٭ باجماع ٭ جنیدی (سید)
بن جمیل اللیل (سید) ٭ باجوبیر ٭ باجوع ٭ بن حمید ٭ حمدان
باحطاب ٭ باحذق ٭ باحشوان ٭ باحمید ٭ بن حیدرہ ٭
باحمید الھیج ٭ بن حریز ٭ باحردان ٭ بن جنید ٭ حمومی ٭
باحمیدان ٭ حمامی (باحمام) ٭ بن حاجب ٭ بن خلیفہ ٭ خلاقی
خولانی ٭ خلیدی ٭ بلخبر (باالخبر) ٭ باخریصہ ٭ خرصان
بادیان ٭ دینی ٭ بادعام ٭ بادحدح ٭ بن دعار ٭ باریم
رمضان (جمیل) ٭ بارجع ٭ رفاعی (سید) ٭ بارلود ٭ بارھیہ
رشیدی ٭ بارزلیقہ ٭ برزق ٭ بارقبہ ٭ زبیدی ٭ زریلی
زملی ٭ بن زیاد ٭ بن زاکن ٭ باسلوم ٭ باسعید ٭ باسلیمان
باسودان ٭ باسلامہ ٭ باسبعین ٭ باسوید ٭ سعدی ٭ باسالم
باششتی ٭ باسلاسل ٭ باسویدان ٭ شاکر ٭ باشراحیل
بن شجبل ٭ بن شملان ٭ شرعبی ٭ باشعیب ٭ باشاذی
بن شعیب (سید) ٭ باجبران ٭ شیبی ٭ شرقی ٭ بن شعیب
(جابری) ٭ باصرہ (سید) ٭ صاعری (صغیری) ٭ باصلیب
حضرمی ... ان ٭ ابی اللیل - ابوقاسم

بن صدیق ⁂ باسبیت ⁂ صوبان ⁂ بن صمیر ⁂ بن اضوبی ⁂
ظہر بیبی ⁂ بن ذیاب ⁂ بن طالب ⁂ باطویل ⁂ باطاہر
باطویحنہ (عمودی) ⁂ باضریس ⁂ باعثمان ⁂ عسکری ⁂ عسیری
عمشان ⁂ بن عفیف ⁂ باعوم ⁂ باعقیل ⁂ باعقیل (سید)
بن عقیل (سید) ⁂ عوینی ⁂ باعمرن ⁂ عفاری ⁂ بن عبد العزیز
عکبری ⁂ بن عبری ⁂ باعیاش ⁂ بلعبید ⁂ عبادی ⁂ باعیشی
باعرام ⁂ بن عبداد ⁂ بن التردع ⁂ باعمر ⁂ عولقی ⁂ بن عثمان
باعبود ⁂ باعمر ⁂ عبیس (ابیس) ⁂ المجری ⁂ بن عوض
باعلی ⁂ باغبرہ ⁂ غنامی ⁂ بافضل ⁂ بافقرہ ⁂ بافنع ⁂ بن فضل
بافرج ⁂ قندوان ⁂ بن قماش ⁂ بن قروان ⁂ قندوس ⁂ باقریہ
بن قتناب ⁂ قرموشی ⁂ قشمی ⁂ باکوبن ⁂ باکرشوم ⁂ باکلکا ⁂
بن کرطوس ⁂ باکرع ⁂ کرامہ ⁂ باکودح ⁂ باکلیب ⁂ باکیس ⁂
بلصقع ⁂ لرضی ⁂ بلوعیل ⁂ بالشدق ⁂ بالحول ⁂ لحمدی
بلشرم ⁂ بلجذم ⁂ بلفقیہ (باالفقیہ) ⁂ لحجی ⁂ بلضراف (بالضراف)
لبیدی ⁂ بامسعود ⁂ مشجری ⁂ بن مہری ⁂ بامعلم ⁂ بن منخاشن
مرجان ⁂ بامطرف ⁂ بن ماضی ⁂ بن معقر ⁂ بن مرلطبان

عماری، حساد، بادلیف، باحاجی، نخیلقی، حسان بن حمیل، محمدی، بن سبیع
بن محفوظ ٭ مخاوی ٭ بن مرشد ٭ مقیبل (سیدا) ٭ ملاحی
بن مفتاح ٭ بامسق ٭ بامقداد ٭ بن مجیدع (جعیدی) ٭ مُصلّی
بامحروس ٭ بامسدوس ٭ بامعروف ٭ بامنیف ٭ مکارم
بن مفلح ٭ بانعمان ٭ نہدی ٭ بانقیب ٭ بن تھبان ٭ بن نصر
بانافع ٭ بانعیم ٭ باھارون (سید) ٭ بن ھلابی ٭ بن عبلتور
بن وھلان (جابری) باھرمز ٭ باوزیر ٭ بن یثرب ٭ بن یمانی
بالعیثوت ٭ بایزید ٭ بن یزید ٭ بامُمین ٭ یافعی، بن عیفان، عبدالی

حیدرآباد، آندھرا پردیش شہر میں مقیم یمنی نژاد قبائل

بامھرہ، بلّطراف، باحشتوش، بایحم، العامری، باکول
رمضان۔ حمیل :۔ بن شملان :۔ بن طاھر :۔ حمید ان
لحمدی :۔ بن منیف :۔ نھدی :۔ بن مصفر :۔ بن دویل :۔ شیبی
عمودی :۔ بن مرشد :۔ بن محفوظ :۔ بایزید :۔ باحکم :۔ سعیدی
باجراحی :۔ بن سواد :۔ مدیحج (سید) :۔ العیدروس (سید)
الکاف (سید) :۔ بن زین (سید) :۔ عولقی :۔ باحمیدح :۔
بطاطیی :۔ مُصلّی :۔ بن مریطان :۔ سرھنی :۔ بغلح :۔ باسبیت
مشجری :۔ بن جھری :۔ بن مخاشن :۔ باقتیان :۔ باصلیب

